WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM

قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ اَيُّهَا الْمُرْسَلُوْنَ(۳۱)قَالُوْٓا اِنَّآ اُرْسِلْنَآ اِلٰى قَوْمٍ مُّجْرِمِيْنَ(۳۲)لِنُرْسِلَ
عَلَيْهِمْ حِجَارَةً مِّنْ طِيْنٍ(۳۳)مُّسَوَّمَةً عِنْدَ رَبِّكَ لِلْمُسْرِفِيْنَ(۳۴)فَاَخْرَجْنَا مَنْ كَانَ فِيْهَا
مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ(۳۵)فَمَا وَجَدْنَا فِيْهَا غَيْرَ بَيْتٍ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ(۳۶)وَتَرَكْنَا فِيْهَآ اٰيَةً لِّلَّذِيْنَ
يَخَافُوْنَ الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ(۳۷)وَفِيْ مُوْسٰٓى اِذْ اَرْسَلْنٰهُ اِلٰى فِرْعَوْنَ بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ(۳۸)فَتَوَلّٰى
بِرُكْنِهٖ وَقَالَ سٰحِرٌ اَوْ مَجْنُوْنٌ(۳۹)فَاَخَذْنٰهُ وَجُنُوْدَهٗ فَنَبَذْنٰهُمْ فِى الْيَمِّ وَهُوَ مُلِيْمٌ(۴۰)وَفِيْ
عَادٍ اِذْ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ الرِّيْحَ الْعَقِيْمَ(۴۱)مَا تَذَرُ مِنْ شَيْءٍ اَتَتْ عَلَيْهِ اِلَّا جَعَلَتْهُ كَالرَّمِيْمِ
(۴۲)وَفِيْ ثَمُوْدَ اِذْ قِيْلَ لَهُمْ تَمَتَّعُوْا حَتّٰى حِيْنٍ(۴۳)فَعَتَوْا عَنْ اَمْرِ رَبِّهِمْ فَاَخَذَتْهُمُ الصّٰعِقَةُ
وَهُمْ يَنْظُرُوْنَ(۴۴)فَمَا اسْتَطَاعُوْا مِنْ قِيَامٍ وَّمَا كَانُوْا مُنْتَصِرِيْنَ(۴۵)وَقَوْمَ نُوْحٍ مِّنْ قَبْلُ ط
اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِيْنَ(۴۶)وَالسَّمَآءَ بَنَيْنٰهَا بِاَيْدٍ وَّاِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ(۴۷)وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا
فَنِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ(۴۸)وَمِنْ كُلِّ شَيْءٍ خَلَقْنَا زَوْجَيْنِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ(۴۹)فَفِرُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ
ط اِنِّيْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ(۵۰)وَلَا تَجْعَلُوْا مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ط اِنِّيْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِيْرٌ
مُّبِيْنٌ(۵۱)كَذٰلِكَ مَآ اَتَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا قَالُوْا سَاحِرٌ اَوْ
مَجْنُوْنٌ(۵۲)اَتَوَاصَوْا بِهٖ بَلْ هُمْ قَوْمٌ طَاغُوْنَ(۵۳)فَتَوَلَّ عَنْهُمْ فَمَآ اَنْتَ بِمَلُوْمٍ(۵۴)وَّذَكِّرْ
فَاِنَّ الذِّكْرٰى تَنْفَعُ الْمُؤْمِنِيْنَ(۵۵)وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ(۵۶)مَآ اُرِيْدُ
مِنْهُمْ مِّنْ رِّزْقٍ وَّ مَآ اُرِيْدُ اَنْ يُّطْعِمُوْنِ(۵۷)اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ(۵۸)

ستائیسواں پارہ:قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ

ابراہیم علیہ السلام نے کہا، اے بھیجے ہوئے فرشتو! کیسے آنا ہوا؟(31) انہوں نے کہا بے شک ہم مجرموں کی قوم کی طرف بھیجے
گئے ہیں۔(32) تاکہ ہم اُن پر وہ مٹی کے گولے برسائیں۔(33) جو رب کی طرف سے حد سے گزرنے والوں کے لئے
مخصوص ہیں۔(34) پس ہم نے مومنوں کو نکال لیا۔(35) پھر ہمیں پوری آبادی میں ایک سچے مسلمان کے سوا کوئی گھر نہ
ملا۔(36) اور ہم نے اِس میں دردناک عذاب سے ڈرنے والوں کے لئے ایک آیت نشانی چھوڑ دی۔(37) اور موسیٰ
میں، جب ہم نے اُسے فرعون کی طرف واضح دلیل دے کر بھیجا۔(38) پس اُس نے روگردانی کی قوت کے ساتھ اور موسیٰ
کو ساحر اور مجنوں کہا۔(39) پس ہم نے اُسے اور اُس کے لشکروں کو غرقاب کر دیا اور وہ قصوروار تھا۔(40) اور عاد کی قوم
میں یہ نشانی چھوڑی کہ ہم نے اُس پر تباہ کن آندھی بھیجی۔(41) وہ جس پر آتی اُسے گلی سڑی ہڈی کی طرح کئے بغیر نہ
چھوڑتی۔(42) اور ثمود میں یہ نشانی رکھی کہ جب اُن سے کہا گیا ایک مدت تک فائدہ اٹھالو۔(43) انہوں نے اپنے رب
کے حکم سے سرتابی کی تو انہیں بجلی کی کڑک نے پکڑ لیا اور وہ دیکھ رہے تھے۔(44) اُن میں کھڑا ہونے کی استطاعت نہ تھی
اور نہ ہی وہ بدلہ لینے والے تھے۔(45) اور اِس سے قبل نوح کی قوم بہت نافرمان تھی۔(46) اور ہم نے آسمان اپنی قوت و
ہنر سے بنایا اور بے شک ہم ہی اُسے وسعت دینے والے ہیں۔(47) اور زمین کو ہم نے اُس کا فرش بنایا اور کتنا اچھا ہم
بچھانے والے ہیں۔ (48) اور ہر تخلیق ہم نے جوڑا جوڑا بنائی تاکہ تم نصیحت پکڑو۔(49) پس تم اللہ کی طرف دوڑو۔ بے
شک میں تمہارے لئے کھلا ڈرانے والا ہوں۔(50) اور اللہ کے ساتھ کسی اور کو معبود نہ ٹھہراؤ۔ بے شک میں اُس سے
تمہیں واضح ڈرانے والا ہوں۔(51) اِسی طرح اُن سے پہلے کوئی رسول ایسا نہیں آیا جسے انہوں نے ساحر یا مجنوں نہ کہا
ہو۔(52) کیا اُن سے پہلوں نے انہیں اس کی وصیت کی ہے؟ بلکہ وہ لوگ سرکش ہیں۔(53) پس آپ اُن سے منہ پھیر
لیں آپ پر کوئی الزام نہیں۔(54) پس آپ سمجھائیں شاید مومنوں کو سمجھانا فائدہ دے جائے۔(55) اور میں نے جنوں
اور انسانوں کو فقط اپنی عبادت کے لئے پیدا کیا ہے۔(56) میں اُن سے کوئی رزق نہیں مانگتا۔ نہ میں چاہتا ہوں کہ مجھے کھانا
کھلایا جائے۔(57) بے شک اللہ ہی ہے جو رزاق ہے۔ قوت والا متانت والا۔(58)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM

فَاِنَّ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ذَنُوْبًا مِّثْلَ ذَنُوْبِ اَصْحٰبِهِمْ فَلَا يَسْتَعْجِلُوْنِ(٥٩)فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ
يَّوْمِهِمُ الَّذِيْ يُوْعَدُوْنَ (٦٠)

٥٢ سورة الطور مكى سورة ... كل آيات ٤٩

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَالطُّوْرِ(١)وَكِتٰبٍ مَّسْطُوْرٍ(٢)فِيْ رَقٍّ مَّنْشُوْرٍ(٣)وَّالْبَيْتِ الْمَعْمُوْرِ(٤)وَالسَّقْفِ
الْمَرْفُوْعِ(٥)وَالْبَحْرِ الْمَسْجُوْرِ(٦)اِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ لَوَاقِعٌ(٧)مَّالَهٗ مِنْ دَافِعٍ(٨)يَّوْمَ
تَمُوْرُ السَّمَآءُ مَوْرًا(٩)وَّتَسِيْرُ الْجِبَالُ سَيْرًا(١٠)فَوَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ(١١)الَّذِيْنَ هُمْ
فِيْ خَوْضٍ يَّلْعَبُوْنَ(١٢)يَوْمَ يُدَعُّوْنَ اِلٰى نَارِ جَهَنَّمَ دَعًّا(١٣)هٰذِهِ النَّارُ الَّتِيْ كُنْتُمْ بِهَا
تُكَذِّبُوْنَ(١٤)اَفَسِحْرٌ هٰذَآ اَمْ اَنْتُمْ لَا تُبْصِرُوْنَ(١٥)اِصْلَوْهَا فَاصْبِرُوْٓا اَوْ لَا تَصْبِرُوْا
سَوَآءٌ عَلَيْكُمْ ط اِنَّمَا تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ(١٦)اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ
وَّنَعِيْمٍ(١٧)فٰكِهِيْنَ بِمَآ اٰتٰهُمْ رَبُّهُمْ وَوَقٰهُمْ رَبُّهُمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ(١٨)كُلُوْا وَاشْرَبُوْا
هَنِيْٓـًٔا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ(١٩)مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰى سُرُرٍ مَّصْفُوْفَةٍ وَزَوَّجْنٰهُمْ
بِحُوْرٍ عِيْنٍ(٢٠)وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَاتَّبَعَتْهُمْ ذُرِّيَّتُهُمْ بِاِيْمَانٍ اَلْحَقْنَا بِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَمَآ اَلَتْنٰهُمْ مِّنْ
عَمَلِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ ط كُلُّ امْرِئٍ م بِمَا كَسَبَ رَهِيْنٌ(٢١)وَاَمْدَدْنٰهُمْ بِفَاكِهَةٍ وَّلَحْمٍ مِّمَّا
يَشْتَهُوْنَ(٢٢)يَتَنَازَعُوْنَ فِيْهَا كَاْسًا لَّا لَغْوٌ فِيْهَا وَلَا تَاْثِيْمٌ(٢٣)وَيَطُوْفُ عَلَيْهِمْ غِلْمَانٌ لَّهُمْ
كَاَنَّهُمْ لُؤْلُؤٌ مَّكْنُوْنٌ(٢٤)وَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُوْنَ(٢٥)قَالُوْٓا اِنَّا كُنَّا قَبْلُ فِيْٓ
اَهْلِنَا مُشْفِقِيْنَ(٢٦)فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا وَوَقٰنَا عَذَابَ السَّمُوْمِ(٢٧)

بے شک جن لوگوں نے ظلم کیا ہے انہیں بھی اِن کے ساتھیوں کی طرح حصہ ملے گا۔ پس وہ جلدی نہ کریں۔(59)
کافروں کے لئے خرابی ہے اُس دن جس کا اُن سے وعدہ کیا جاتا ہے۔(60)

(52)......سُوْرَةُ الطُّوْر

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اورنہایت رحم کرنے والا ہے۔

طور کی قسم۔(1) اور نوشتہ کتاب کی قسم،(2) جو کھلے اوراق پر لکھی ہوئی ہے۔(3) اور بیت المعمور کی قسم۔(4) بلند چھت کی قسم۔(5) اور پُر جوش سمندر کی قسم۔(6) تیرے رب کا عذاب ضرور واقع ہوگا۔(7) اُسے ٹالنے والا کوئی نہیں۔(8) جب آسمان تھرتھرا کر کانپ اُٹھے گا(9) اور پہاڑ چلیں گے جیسے سرکتے ہیں۔(10) اِس دن اُن جھٹلانے والوں کے لئے خرابی ہے۔(11) جو بیہودہ مشغلہ میں کھیلتے ہیں۔(12) جس دن انہیں جہنم کی آگ کی طرف دھکیلا جائے گا، دھکے مارتے ہوئے۔(13) یہی ہے وہ آگ جس کا تم انکار کرتے تھے؟(14) کیا یہ سحر ہے یا تمہیں دکھائی نہیں دیتا؟(15) اِس میں داخل ہو جاوٴ۔ برداشت کرو یا نہ کرو، کوئی فرق نہیں پڑتا۔ یہ تمہارے اعمال کا بدلہ ہے۔(16) بے شک متقی جنتوں اور نعمتوں میں ہوں گے۔(17) وہ اپنے رب کی عطا، اور اپنے جہنم کے عذاب سے بچا لیئے جانے پرخوش ہوں گے۔(18) نیک اعمال کے بدلے میں سیر ہو کر کھاوٴ پیو۔(19) وہ صف بستہ تختوں پر تکیہ لگائے بیٹھے ہوں گے، اور ہم بڑی بڑی آنکھوں والیوں سے اُن کے جوڑے بنا دیں گے۔(20) اور مومنوں اور اُن کی پیروی کرنے والی اُن کی اولاد کو، ہم مرتبہ کر دیں گے اور اُن کے اعمال میں کوئی کمی نہیں کریں گے ۔ ہر شخص اپنے اعمال (اپنی کمائی) کا گروی ہے۔(21) اور ہم اُنہیں بکثرت پھل اور گوشت دیں گے، جس کے وہ مُتمنی ہیں۔(22) وہ بڑھ بڑھ کر پیالے پکڑ رہے ہوں گے۔ اِس ذوق وشوق میں کوئی ناشائستگی اور گناہ کا شائبہ نہ ہو گا۔(23) اُن کے اردگرد غلمان (کیٹرر) پھر رہے ہوں گے جیسے وہ چھپا کر رکھے ہوئے موتی ہوں۔(24) اور وہ آپس میں استفسار کریں گے۔(25) اُن کا جواب ہوگا، بے شک ہم دنیا میں اپنے اہلخانہ پر مُشفق تھے۔(26) پس اللہ نے ہم پر احسان کیا اور ہمیں جُھلسا دینے والی لُو کے عذاب سے بچا لیا۔(27)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM

اِنَّا كُنَّا مِنْ قَبْلُ نَدْعُوْهُ ط اِنَّهٗ هُوَ الْبَرُّ الرَّحِيْمُ(۲۸)فَذَكِّرْ فَمَآ اَنْتَ بِنِعْمَتِ رَبِّكَ بِكَاهِنٍ
وَّلَا مَجْنُوْنٍ(۲۹)اَمْ يَقُوْلُوْنَ شَاعِرٌ نَّتَرَبَّصُ بِهٖ رَيْبَ الْمَنُوْنِ(۳۰)قُلْ تَرَبَّصُوْا فَاِنِّيْ مَعَكُمْ
مِّنَ الْمُتَرَبِّصِيْنَ(۳۱)اَمْ تَاْمُرُهُمْ اَحْلَامُهُمْ بِهٰذَآ اَمْ هُمْ قَوْمٌ طَاغُوْنَ(۳۲)اَمْ يَقُوْلُوْنَ تَقَوَّلَهٗ
بَلْ لَّا يُؤْمِنُوْنَ(۳۳)فَلْيَاْتُوْا بِحَدِيْثٍ مِّثْلِهٖٓ اِنْ كَانُوْا صٰدِقِيْنَ(۳۴)اَمْ خُلِقُوْا مِنْ غَيْرِ شَيْءٍ اَمْ
هُمُ الْخٰلِقُوْنَ(۳۵)اَمْ خَلَقُوا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بَلْ لَّا يُوْقِنُوْنَ(۳۶)اَمْ عِنْدَهُمْ خَزَآئِنُ
رَبِّكَ اَمْ هُمُ الْمُصَيْطِرُوْنَ(۳۷)اَمْ لَهُمْ سُلَّمٌ يَّسْتَمِعُوْنَ فِيْهِ فَلْيَاْتِ مُسْتَمِعُهُمْ بِسُلْطٰنٍ
مُّبِيْنٍ(۳۸)اَمْ لَهُ الْبَنٰتُ وَلَكُمُ الْبَنُوْنَ(۳۹)اَمْ تَسْئَلُهُمْ اَجْرًا فَهُمْ مِّنْ مَّغْرَمٍ مُّثْقَلُوْنَ(۴۰)اَمْ
عِنْدَهُمُ الْغَيْبُ فَهُمْ يَكْتُبُوْنَ(۴۱)اَمْ يُرِيْدُوْنَ كَيْدًا ط فَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا هُمُ
الْمَكِيْدُوْنَ(۴۲)اَمْ لَهُمْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ ط سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ(۴۳)وَاِنْ يَّرَوْا كِسْفًا
مِّنَ السَّمَآءِ سَاقِطًا يَّقُوْلُوْا سَحَابٌ مَّرْكُوْمٌ(۴۴)فَذَرْهُمْ حَتّٰى يُلٰقُوْا يَوْمَهُمُ الَّذِيْ فِيْهِ
يُصْعَقُوْنَ(۴۵)يَوْمَ لَا يُغْنِيْ عَنْهُمْ كَيْدُهُمْ شَيْئًا وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ(۴۶)وَاِنَّ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا
عَذَابًا دُوْنَ ذٰلِكَ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ(۴۷)وَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ فَاِنَّكَ بِاَعْيُنِنَا وَ
سَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ حِيْنَ تَقُوْمُ(۴۸)وَمِنَ الَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَاِدْبَارَ النُّجُوْمِ(۴۹)

۵۳ سورة النجم مکی سورة ... کل آیات ۶۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَالنَّجْمِ اِذَا هَوٰى(۱)مَا ضَلَّ صَاحِبُكُمْ وَمَا غَوٰى(۲)وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى(۳)

بے شک اِس سے پہلے ہم اُسے ہی پکارتے تھے بے شک وہ احسان کرنے والا مہربان ہے۔(28) شکر کرو کہ آپ اپنے
رب کی مہربانی سے نہ کاھن ہیں نہ مجنوں ہیں۔(29) کیا وہ اسے شاعر کہتے ہیں۔اب ہم بھی منتظر ہیں کہ وہ بھی حادثات
زمانہ سے دوچار ہوں۔(30) آپ کہو،تم انتظار کرو میں بھی تمہارے ساتھ منتظر ہوں۔(31) کیا اُن کی عقلیں انہیں اِس
بات کا حکم دیتی ہیں یا وہ ہیں ہی سرکش؟(32) کیا وہ کہتے ہیں کہ اِس نے خود گھڑ لیا ہے(قرآن)؟ بلکہ وہ ایمان نہیں
لاتے۔(33) پھر وہ اِس طرح کی ایک بات لے آئیں،اگر وہ سچے ہیں۔(34) کیا وہ پیدا کئے گئے ہیں یا وہ اپنے خود
خالق ہیں؟(35) کیا انہوں نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا ہے؟ بلکہ وہ یقین نہیں کرتے۔(36) کیا اِن کے پاس
تیرے رب کے خزانے ہیں یا وہ رب کے داروغہ ہیں؟(37) کیا اُن کے لئے کوئی سیڑھی ہے جس پر چڑھ کر وہ سُنتے ہیں؟
اُن کے سُننے والے کو چاہیئے کہ وہ روشن دلیل لے کر آئے۔(38) کیا اُس کی بیٹیاں ہیں اور تمہارے بیٹے ہیں؟(39) کیا
آپ اِن سے کوئی معاوضہ مانگتے ہو جس کے تاوان کے بوجھ تلے وہ دبے جاتے ہیں؟(40) کیا اِن کے پاس غیب کا علم
ہے جسے وہ لکھ لیتے ہیں؟(41) کیا وہ کسی مکاری کا ارادہ رکھتے ہیں؟ کافر ہی مکاری میں پھنسیں گے۔(42) کیا اِن کا
اللہ کے سوا کوئی اور معبود ہے؟ اُس کی ذات اُس سے مُبرا ہے جسے وہ اُس کا شریک ٹھہراتے ہیں۔(43) اگر وہ آسمان سے
کوئی ٹکڑا گرتا دیکھ لیں تو وہ اِسے تہہ بہ تہہ جما ہوا بادل کہتے ہیں۔(44) انہیں چھوڑ دو کہ وہ اپنا وہ دن پالیں،جب وہ بے
ہوش کردیئے جائیں گے۔(45) جب اُن کی مکاری کام آئے گی،نہ اُن کی مدد کی جائے گی۔(46) ظالموں کے لئے اِس
کے علاوہ عذاب ہے۔لیکن اُن کی اکثریت نہیں جانتی۔(47) آپ اپنے رب کے حکم پر صبر کریں۔آپ ہماری آنکھوں
میں ہیں(ہماری نگہبانی میں ہیں)اور اپنے رب کی حمد کریں صبح سوکر اپنے اٹھنے کے بعد(48) اور رات میں بھی حمد بیان
کریں ستاروں کے ماند پڑنے تک۔(فجر کی نماز پڑھیں اور رات کی نماز پڑھیں ستارے ماند پڑنے تک)۔(49)

(53)......سُوْرَةُ النَّجْم

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے۔

ماند پڑتے ہوئے ستاروں کی قسم(1) تمہارا دوست نہ بہکا اور نہ بھٹکا(2) اور وہ اپنی خواہش پہ بات نہیں کرتا(3)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM

اِنۡ هُوَ اِلَّا وَحۡیٌ یُّوۡحٰی(۴)عَلَّمَهٗ شَدِیۡدُ الۡقُوٰی(۵)ذُوۡمِرَّةٍ ط فَاسۡتَوٰی(۶)وَهُوَ بِالۡاُفُقِ
الۡاَعۡلٰی(۷)ثُمَّ دَنَا فَتَدَلّٰی(۸)فَكَانَ قَابَ قَوۡسَیۡنِ اَوۡ اَدۡنٰی(۹)فَاَوۡحٰۤی اِلٰی عَبۡدِهٖ مَاۤ
اَوۡحٰی(۱۰)مَا كَذَبَ الۡفُؤَادُ مَارَاٰی(۱۱)اَفَتُمٰرُوۡنَهٗ عَلٰی مَا یَرٰی(۱۲)وَلَقَدۡ رَاٰهُ نَزۡلَةً
اُخۡرٰی(۱۳)عِنۡدَ سِدۡرَةِ الۡمُنۡتَهٰی(۱۴)عِنۡدَهَا جَنَّةُ الۡمَاۡوٰی(۱۵)اِذۡ یَغۡشَی السِّدۡرَةَ مَا
یَغۡشٰی(۱۶)مَا زَاغَ الۡبَصَرُ وَمَا طَغٰی(۱۷)لَقَدۡ رَاٰی مِنۡ اٰیٰتِ رَبِّهِ الۡكُبۡرٰی(۱۸)اَفَرَءَیۡتُمُ
اللّٰتَ وَالۡعُزّٰی(۱۹)وَمَنٰوةَ الثَّالِثَةَ الۡاُخۡرٰی(۲۰)اَلَكُمُ الذَّكَرُ وَلَهُ الۡاُنۡثٰی(۲۱)تِلۡكَ اِذًا
قِسۡمَةٌ ضِیۡزٰی(۲۲)اِنۡ هِیَ اِلَّاۤ اَسۡمَآءٌ سَمَّیۡتُمُوۡهَاۤ اَنۡتُمۡ وَاٰبَآؤُكُمۡ مَّاۤ اَنۡزَلَ اللّٰهُ بِهَا مِنۡ سُلۡطٰنٍ
ط اِنۡ یَّتَّبِعُوۡنَ اِلَّا الظَّنَّ وَمَا تَهۡوَی الۡاَنۡفُسُ وَلَقَدۡ جَآءَهُمۡ مِّنۡ رَّبِّهِمُ الۡهُدٰی(۲۳)اَمۡ لِلۡاِنۡسَانِ
مَا تَمَنّٰی(۲۴)فَلِلّٰهِ الۡاٰخِرَةُ وَالۡاُوۡلٰی (۲۵)وَكَمۡ مِّنۡ مَّلَكٍ فِی السَّمٰوٰتِ لَا تُغۡنِیۡ شَفَاعَتُهُمۡ
شَیۡـًٔا اِلَّا مِنۡ م بَعۡدِ اَنۡ یَّاۡذَنَ اللّٰهُ لِمَنۡ یَّشَآءُ وَیَرۡضٰی(۲۶)اِنَّ الَّذِیۡنَ لَا یُؤۡمِنُوۡنَ بِالۡاٰخِرَةِ
لَیُسَمُّوۡنَ الۡمَلٰٓئِكَةَ تَسۡمِیَةَ الۡاُنۡثٰی(۲۷)وَمَا لَهُمۡ بِهٖ مِنۡ عِلۡمٍ ط اِنۡ یَّتَّبِعُوۡنَ اِلَّا الظَّنَّ وَاِنَّ الظَّنَّ
لَا یُغۡنِیۡ مِنَ الۡحَقِّ شَیۡـًٔا(۲۸)فَاَعۡرِضۡ عَنۡ مَّنۡ تَوَلّٰی عَنۡ ذِكۡرِنَا وَلَمۡ یُرِدۡ اِلَّا الۡحَیٰوةَ
الدُّنۡیَا(۲۹)ذٰلِكَ مَبۡلَغُهُمۡ مِّنَ الۡعِلۡمِ ط اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعۡلَمُ بِمَنۡ ضَلَّ عَنۡ سَبِیۡلِهٖ وَهُوَ اَعۡلَمُ
بِمَنِ اهۡتَدٰی(۳۰)وَلِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الۡاَرۡضِ لِیَجۡزِیَ الَّذِیۡنَ اَسَآءُوۡا بِمَا عَمِلُوۡا
وَیَجۡزِیَ الَّذِیۡنَ اَحۡسَنُوۡا بِالۡحُسۡنٰی(۳۱)اَلَّذِیۡنَ یَجۡتَنِبُوۡنَ كَبٰٓئِرَ الۡاِثۡمِ وَالۡفَوَاحِشَ اِلَّا اللَّمَمَ
ط اِنَّ رَبَّكَ وَاسِعُ الۡمَغۡفِرَةِ ط هُوَ اَعۡلَمُ بِكُمۡ اِذۡ اَنۡشَاَكُمۡ مِّنَ الۡاَرۡضِ وَاِذۡ اَنۡتُمۡ اَجِنَّةٌ فِیۡ
بُطُوۡنِ اُمَّهٰتِكُمۡ فَلَا تُزَكُّوۡۤا اَنۡفُسَكُمۡ ط هُوَ اَعۡلَمُ بِمَنِ اتَّقٰی(۳۲)

وہ صرف وہ بات کرتا ہے جس کی اُسے وحی کی جاتی ہے۔(4) مضبوط اعضاء کے مالک نے اُسے علم دیا ہے۔(روح
القدس)(5) وہ طاقتور ہے۔ پھر وہ کھڑا ہوا۔(6) اور وہ افق اعلیٰ کے ساتھ تھا۔(7) پھر وہ قریب ہوا۔ پس وہ
قریب ہوا۔(8) اتنا قریب کہ دو کمان (دو قوس ابرو) یا اس سے بھی کم فاصلہ رہ گیا۔(9) پس اُس نے اللہ کے
بندے کی طرف وحی کی جو بھی وحی کی۔(10) جو اللہ کے بندے نے دیکھا اس کے دل نے مان لیا۔(11) جو اس
نے دیکھا اُس پر تم اختلاف کرتے ہو۔(12) اور تحقیق اُس نے اُسے دوسری بار اُترتے دیکھا۔(13) سدرۃ المنتہا
کے پاس۔(14) جس کے پاس جنت الماویٰ ہے۔(15) جب سدرہ پر چھا رہا تھا جو بھی چھا رہا تھا۔(16) نہ آنکھ
ٹیڑھی ہوئی اور نہ سرکش ہوئی (نہ آنکھ متحیر ہوئی اور نہ فرطِ شوق میں بے قابو ہوئی۔)۔(17) تحقیق اِس نے اپنے
رب کی بڑی نشانیوں میں سے ایک نشانی دیکھی۔(18) کیا تم نے لاتؔ اور عُزیٰؔ دیکھے ہیں۔(19) اور تیسرے
آخری مناتؔ کو۔(20) یہ سب مونث ہیں۔ کیا تمہارے لیے مرد ہیں اور اُس کے لئے عورتیں ہیں۔(21) یہ بانٹ
بڑی بے ڈھنگی ہے۔(22) یہ تو محض نام ہیں جو تم اور تمہارے باپ دادا نے رکھ لیے ہیں۔ اللہ نے اِن کی کوئی سند
نہیں اتاری۔ وہ اپنے گُمان، اور اپنی ذاتی خواہش کی پیروی کرتے ہیں۔ تحقیق اُن کے پاس اُن کے رب کی طرف
سے ہدایت آچکی ہے۔(23) کیا انسان جس چیز کی خواہش کرے وہ اُسے مل جاتی ہے؟(24) اور اوّل و آخر اللہ
ہی کے لئے ہیں۔(25) اور آسمانوں میں کتنے ہی فرشتے ہیں جن کی شفاعت کچھ فائدہ نہیں دیتی مگر جسے بعد میں اللہ
اجازت دے، پسند کرے اور راضی ہو۔(26) جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں لاتے وہ ضرور فرشتوں کے نام عورتوں
جیسے رکھتے ہیں۔(27) اور انہیں اِس کا کوئی علم نہیں۔ محض گمان کے پیچھے چلتے ہیں۔ اور گمان حقیقت کے مقابلے میں
کوئی فائدہ نہیں دیتا۔(28) جو ہماری یاد سے بیگانہ، اور دنیاوی زندگی کا طلبگار رہو، آپ اُسے نظر انداز کریں۔(29)
یہ ہے ان کے علم کی رسائی۔ بے شک تیرا رب جانتا ہے، کون گمراہ، اور کون ہدایت یافتہ ہے۔(30) آسمانوں اور
زمین کی ہر شے کا اللہ مالک ہے، تاکہ وہ برائی کرنے والوں کو اُن کے اعمال کا بدلہ دے اور اچھائی کے ساتھ نیکی
کرنے والوں کو جزا دے۔(31) جو لوگ بڑے گناہوں سے اجتناب کرتے ہیں رب ان کی سہواً سرزد ہونے والی
چھوٹی چھوٹی لغزشیں معاف کر دیتا ہے۔ وہ تمہیں تمہاری پیدائش سے اور تمہاری ماؤں کے پیٹوں سے جانتا ہے تم خود
کو پاکیزہ نہ سمجھو۔ اُسے معلوم ہے کون متقی ہے۔(32)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM

اَفَرَءَيۡتَ الَّذِىۡ تَوَلّٰى(۳۳)وَاَعۡطٰى قَلِيۡلًا وَّاَكۡدٰى(۳۴)اَعِنۡدَهٗ عِلۡمُ الۡغَيۡبِ فَهُوَ
يَرٰى(۳۵)اَمۡ لَمۡ يُنَبَّاۡ بِمَا فِىۡ صُحُفِ مُوۡسٰى(۳۶)وَاِبۡرٰهِيۡمَ الَّذِىۡ وَفّٰٓى(۳۷)اَلَّا تَزِرُ وَازِرَةٌ
وِّزۡرَ اُخۡرٰى(۳۸)وَاَنۡ لَّيۡسَ لِلۡاِنۡسَانِ اِلَّا مَا سَعٰى(۳۹)وَاَنَّ سَعۡيَهٗ سَوۡفَ يُرٰى(۴۰)ثُمَّ
يُجۡزٰهُ الۡجَزَآءَ الۡاَوۡفٰى(۴۱)وَاَنَّ اِلٰى رَبِّكَ الۡمُنۡتَهٰى(۴۲)وَاَنَّهٗ هُوَ اَضۡحَكَ
وَاَبۡكٰى(۴۳)وَاَنَّهٗ هُوَ اَمَاتَ وَاَحۡيَا(۴۴)وَاَنَّهٗ خَلَقَ الزَّوۡجَيۡنِ الذَّكَرَ وَ الۡاُنۡثٰى(۴۵)مِنۡ نُّطۡفَةٍ
اِذَا تُمۡنٰى(۴۶)وَاَنَّ عَلَيۡهِ النَّشۡاَةَ الۡاُخۡرٰى(۴۷)وَاَنَّهٗ هُوَ اَغۡنٰى وَاَقۡنٰى(۴۸)وَاَنَّهٗ هُوَ رَبُّ
الشِّعۡرٰى(۴۹)وَ اَنَّهٗۤ اَهۡلَكَ عَادَا ۨالۡاُوۡلٰى(۵۰)وَثَمُوۡدَاۡ فَمَاۤ اَبۡقٰى(۵۱)وَقَوۡمَ نُوۡحٍ مِّنۡ
قَبۡلُ ط اِنَّهُمۡ كَانُوۡا هُمۡ اَظۡلَمَ وَاَطۡغٰى(۵۲)وَالۡمُؤۡتَفِكَةَ اَهۡوٰى(۵۳)فَغَشّٰٮهَا مَا
غَشّٰى(۵۴)فَبِاَىِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكَ تَتَمَارٰى(۵۵)هٰذَا نَذِيۡرٌ مِّنَ النُّذُرِ الۡاُوۡلٰى(۵۶)اَزِفَتِ
الۡاٰزِفَةُ(۵۷)لَيۡسَ لَهَا مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ كَاشِفَةٌ(۵۸)اَفَمِنۡ هٰذَا الۡحَدِيۡثِ
تَعۡجَبُوۡنَ(۵۹)وَتَضۡحَكُوۡنَ وَلَا تَبۡكُوۡنَ(۶۰)وَاَنۡتُمۡ سٰمِدُوۡنَ(۶۱)فَاسۡجُدُوۡا لِلّٰهِ وَاعۡبُدُوۡا
(آیت سجدہ)(۶۲)

۵۴ سورة القمر مکی سورة ... کل آیات. ۵۵

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اِقۡتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانۡشَقَّ الۡقَمَرُ(۱)وَاِنۡ يَّرَوۡا اٰيَةً يُّعۡرِضُوۡا وَ يَقُوۡلُوۡا سِحۡرٌ
مُّسۡتَمِرٌّ(۲)وَكَذَّبُوۡا وَ اتَّبَعُوۡۤا اَهۡوَآءَهُمۡ وَكُلُّ اَمۡرٍ مُّسۡتَقِرٌّ(۳)وَلَقَدۡ جَآءَهُمۡ مِّنَ الۡاَنۡۢبَآءِ مَا
فِيۡهِ مُزۡدَجَرٌ(۴)حِكۡمَةٌ م بَالِغَةٌ فَمَا تُغۡنِ النُّذُرُ(۵)فَتَوَلَّ عَنۡهُمۡ م يَوۡمَ يَدۡعُ الدَّاعِ اِلٰى شَىۡءٍ
نُّكُرٍ(۶)

تم نے دیکھا جس نے منہ موڑا۔(33) اور تھوڑا مال دیا اور پھر بند کر دیا۔(34) کیا اُس کے پاس غیب کا علم ہے۔پس
وہ دیکھ رہا ہے۔(35) کیا اُسے خبر نہیں دی گئی کہ موسیٰ کے صحیفوں میں کیا ہے؟(36) اور ابراہیم علیہ السلام جس نے وفا
کی (خواب پورا کیا)(37) جان رکھو کوئی قلبی (جس نے اپنا بوجھ اٹھا رکھا ہو) دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھاتا۔(38) اور یہ
کہ انسان جتنی سعی کرتا ہے اتنا ہی اُس کا ہے۔(یعنی جتنی نیکیاں کرے گا وہی اُس کی ہوں گی)(39) اور یہ کہ اِس کی
کمائی عنقریب دیکھی جائے گی۔(40) پھر اُسے اُس کا پورا پورا بدلہ دیا جائے گا۔(41) اور یہ کہ تیرے رب کی طرف ہی
تیری منتہا ہے۔(42) وہی ہنساتا ہے اور وہی رُلاتا ہے۔(43) وہی مارتا ہے اور وہی زندہ کرتا ہے۔(44) وہی ہے
جس نے مرد اور عورت کا جوڑا پیدا کیا،(45) ایک نطفہ سے جب وہ ڈالا گیا۔(46) اور یہ کہ اُسی پر دوبارہ جی اُٹھنا
موقوف ہے۔(47) وہی ہے جس نے غنی کیا۔(48) اور وہی شعریٰ ستارے کا رب ہے۔(49) اور وہی ہے جس نے
قدیم عاد کو ھلاک کیا۔(50) اور ثمود کو باقی نہ چھوڑا،(51) اور اِس سے قبل نوح کی قوم کو۔بے شک وہ انتہائی ظالم اور
سرکش تھے۔(52) اور اوندھی ہونے والی بستیوں کو دے مارا۔(53) پھر ہم نے اُن کو ڈھانپ دیا۔جس نے ڈھانپ
دیا۔(54) پس کیا اِسی لئے تُو اپنے رب کی نعمت پر شک کرے گا؟(55) یہ بھی پہلے ڈرانے والوں کی طرح ایک ڈرانے
والا ہے۔(56) قریب آنے والی قریب آ گئی۔(قیامت)(57) تمہارے لئے اللہ کے سوا کوئی مصیبت دور کرنے والا
نہیں (قیامت سے بچانے والا نہیں)(58) کیا اِس بات سے تمہیں تعجب ہوتا ہے؟(59) اور تم ہنستے ہو، اور روتے
نہیں۔(60) اور تم غافل ہو۔(61) پس اللہ کو سجدہ کرو اور اُس کی عبادت کرو۔(62)

(54)......سُوۡرَةُ الۡقَمَر

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے۔

قیامت کی گھڑی قریب آ گئی اور چاند شق ہو گیا۔(1) اور اگر وہ کوئی نشانی (آیت) دیکھیں تو منہ دوسری طرف کر لیتے
ہیں اور کہتے ہیں یہ جادو ہے، جو ہوتا رہتا ہے۔(2) انہوں نے جھٹلایا اور اپنی خواہشات کی پیروی کرتے رہے۔اور ہر
کام کی ایک انتہا ہوتی ہے۔(3) اُن کو تمام باتیں پہنچ گئی ہیں، جن میں قوموں کے انجام سے ڈرایا (آگاہ) کیا گیا
ہے۔(4) مگر اِن ڈراؤنی باتوں کا کیا فائدہ ہوا۔(5) جس دن بلانے والا ایک ناگوار چیز کی طرف بلائے۔(6)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM

خُشَّعًا اَبۡصَارُهُمۡ يَخۡرُجُوۡنَ مِنَ الۡاَجۡدَاثِ كَاَنَّهُمۡ جَرَادٌ مُّنۡتَشِرٌ(۷)مُّهۡطِعِيۡنَ اِلَى الدَّاعِ ط
يَقُوۡلُ الۡكٰفِرُوۡنَ هٰذَا يَوۡمٌ عَسِرٌ(۸) كَذَّبَتۡ قَبۡلَهُمۡ قَوۡمُ نُوۡحٍ فَكَذَّبُوۡا عَبۡدَنَا وَقَالُوۡا مَجۡنُوۡنٌ
وَّازۡدُجِرَ(۹)فَدَعَا رَبَّهٗۤ اَنِّىۡ مَغۡلُوۡبٌ فَانۡتَصِرۡ(۱۰)فَفَتَحۡنَاۤ اَبۡوَابَ السَّمَآءِ بِمَآءٍ
مُّنۡهَمِرٍ(۱۱)وَّفَجَّرۡنَا الۡاَرۡضَ عُيُوۡنًا فَالۡتَقَى الۡمَآءُ عَلٰٓى اَمۡرٍ قَدۡ قُدِرَ(۱۲)وَحَمَلۡنٰهُ عَلٰى ذَاتِ
اَلۡوَاحٍ وَّدُسُرٍ(۱۳)تَجۡرِىۡ بِاَعۡيُنِنَا جَزَآءً لِّمَنۡ كَانَ كُفِرَ(۱۴)وَلَقَدۡ تَّرَكۡنٰهَاۤ اٰيَةً فَهَلۡ مِنۡ
مُّدَّكِرٍ(۱۵)فَكَيۡفَ كَانَ عَذَابِىۡ وَنُذُرِ(۱۶)وَلَقَدۡ يَسَّرۡنَا الۡقُرۡاٰنَ لِلذِّكۡرِ فَهَلۡ مِنۡ
مُّدَّكِرٍ(۱۷) كَذَّبَتۡ عَادٌ فَكَيۡفَ كَانَ عَذَابِىۡ وَنُذُرِ(۱۸)اِنَّاۤ اَرۡسَلۡنَا عَلَيۡهِمۡ رِيۡحًا صَرۡصَرًا
فِىۡ يَوۡمِ نَحۡسٍ مُّسۡتَمِرٍّ(۱۹)تَنۡزِعُ النَّاسَ كَاَنَّهُمۡ اَعۡجَازُ نَخۡلٍ مُّنۡقَعِرٍ(۲۰)فَكَيۡفَ كَانَ
عَذَابِىۡ وَنُذُرِ(۲۱)وَلَقَدۡ يَسَّرۡنَا الۡقُرۡاٰنَ لِلذِّكۡرِ فَهَلۡ مِنۡ مُّدَّكِرٍ(۲۲) كَذَّبَتۡ ثَمُوۡدُ
بِالنُّذُرِ(۲۳)فَقَالُوۡۤا اَبَشَرًا مِّنَّا وَاحِدًا نَّتَّبِعُهٗۤ اِنَّاۤ اِذًا لَّفِىۡ ضَلٰلٍ وَّسُعُرٍ(۲۴)ءَ اُلۡقِىَ الذِّكۡرُ عَلَيۡهِ
مِنۡ م بَيۡنِنَا بَلۡ هُوَ كَذَّابٌ اَشِرٌ(۲۵)سَيَعۡلَمُوۡنَ غَدًا مَّنِ الۡكَذَّابُ الۡاَشِرُ(۲۶)اِنَّا مُرۡسِلُوا
النَّاقَةِ فِتۡنَةً لَّهُمۡ فَارۡتَقِبۡهُمۡ وَاصۡطَبِرۡ(۲۷)وَنَبِّئۡهُمۡ اَنَّ الۡمَآءَ قِسۡمَةٌ م بَيۡنَهُمۡ كُلُّ شِرۡبٍ
مُّحۡتَضَرٌ(۲۸)فَنَادَوۡا صَاحِبَهُمۡ فَتَعَاطٰى فَعَقَرَ(۲۹)فَكَيۡفَ كَانَ عَذَابِىۡ وَنُذُرِ(۳۰)اِنَّاۤ
اَرۡسَلۡنَا عَلَيۡهِمۡ صَيۡحَةً وَّاحِدَةً فَكَانُوۡا كَهَشِيۡمِ الۡمُحۡتَظِرِ(۳۱)وَلَقَدۡ يَسَّرۡنَا الۡقُرۡاٰنَ لِلذِّكۡرِ
فَهَلۡ مِنۡ مُّدَّكِرٍ(۳۲)كَذَّبَتۡ قَوۡمُ لُوۡطٍ م بِالنُّذُرِ(۳۳)اِنَّاۤ اَرۡسَلۡنَا عَلَيۡهِمۡ حَاصِبًا اِلَّاۤ اٰلَ لُوۡطٍ
ط نَجَّيۡنٰهُمۡ بِسَحَرٍ(۳۴)نِّعۡمَةً مِّنۡ عِنۡدِنَا ط كَذٰلِكَ نَجۡزِىۡ مَنۡ شَكَرَ(۳۵)

اُس دن اُن کی آنکھیں جھکی ہوئی ہوں گی اور وہ اپنی قبروں سے نکل کرٹڈی دل کی طرح پھیل جائیں گے۔(7)
بُلانے والی آواز پراُس کی طرف دوڑتے ہوئے۔کافرکہیں گےآج بہت مشکل دن ہے۔(8) اُن سے پہلےنوح کی
قوم نے جُھٹلایا۔اور ہمارے بندے کوجھُٹلایا اوراُسے مجنوں اورڈرایا ہوا کہا۔(9) اُس نے اپنے رب سے دعا کی
میں ہار گیا ہوں۔میری مدد کر۔(10) پس ہم نے آسمان سے پانی کے بند دروازے کھول دیئے۔(11) اور زمین
کے چشموں کو جاری کر دیا۔پھر پانی سے پانی مل گیا۔ایک کام کے لئے جو مقدر ہو چکا تھا۔(12) اور ہم نے اُسے
تختوں اور میخوں والی کشتی میں سوار کیا۔(13) جو ہماری آنکھوں کے سامنے رواں تھی۔یہ جزا ہے اُس کی جس کی
نافرمانی کی گئی۔(14) اور تحقیق ہم نے اُسے ایک آیت (نشانی) بنا کر چھوڑ دیا۔پھر کیا کوئی ہے جونصیحت حاصل
کرے؟(15) پس میرا عذاب اور میرا ڈرانا کیسا رہا؟(16) اور تحقیق ہم نے قرآن کوذکر کے لئے آسان کر دیا۔
پس کوئی ہے جوذکر کرئے؟(17) قوم عاد نے جھٹلایا پھر میرا عذاب اور ڈرانا کیسا رہا؟(18) بے شک ہم نے اُن پر
بُرے دن کی ایسی آندھی بھیجی جومسلسل چلتی رہی۔(19) پھر وہ ایسے پڑے تھے جیسے جڑ سے اکھڑے ہوئے کھجور
کے تنے۔(20) پس میرا عذاب اور ڈرانا کیسا ہوا۔(21) اور تحقیق ہم نے قرآن کے ذکر کوآسان بنا دیا۔ہے کوئی
جوذکر کرے۔؟ (نصیحت حاصل کرے)(22) ثمود نے میرے ڈرانے والوں کوجھٹلایا۔(23) انہوں نے کہا، کیا
ہم اپنوں میں سے ایک بشر (آدمی) کی پیروی کریں؟ بے شک یہ ضرور ہماری گمراہی اور پاگل پن ہوگا۔(24) ہم
میں سے صرف اُسی پر ذکر نازل کیا جانا تھا؟ بلکہ وہ جھوٹا اور خود پسند ہے۔(25) انہیں جلد معلوم ہو جائے گا کون جھوٹا
اور خود پسند ہے۔(26) بے شک اونٹنی اُن کی آزمائش کے لئے اُتاری گئی، کہ وہ اس کا خیال رکھیں، اور صبر
کریں۔(27) انہیں مطلع کر دیں کہ اُن کے درمیان پانی تقسیم کر دیا گیا ہے اور خلاف ورزی کرنے والا مستوجبِ
سزا ہوگا۔(28) پس اُنہوں نے اپنے ساتھی کوبُلایا اور اِس نے زیادتی کر کے اُس اُونٹنی کی کونچیں (ٹانگیں) کاٹ
دیں۔(29) پھر میرا عذاب اور ڈرانا کیسا رہا؟(30) ہم نے اُن پر ایک چنگھاڑ بھیجی تو وہ مالی کی سوکھی روندی ہوئی
باڑ کی طرح ہو گئے۔(31) اور تحقیق ہم نے قرآن کوذکر کے لئے آسان بنا دیا۔پس ہے کوئی جوذکر کرے؟(32)
لوط کی قوم نے میرے ڈرانے والے کوجُھٹلایا۔(33) ہم نے اُن پر پتھریلی آندھی بھیجی سوائے لوط کی آل جسے ہم
نے صبح بچالیا۔(34) یہ ہماری طرف سے اُن پر نعمت تھی۔اسی طرح ہم شکر گزاروں کو بدلہ دیتے ہیں۔(35)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM

وَلَقَدْ اَنْذَرَهُمْ بَطْشَتَنَا فَتَمَارَوْا بِالنُّذُرِ (٣٦)وَلَقَدْ رَاوَدُوْهُ عَنْ ضَيْفِهٖ فَطَمَسْنَآ اَعْيُنَهُمْ
فَذُوْقُوْا عَذَابِيْ وَنُذُرِ (٣٧)وَلَقَدْ صَبَّحَهُمْ بُكْرَةً عَذَابٌ مُّسْتَقِرٌّ (٣٨)فَذُوْقُوْا عَذَابِيْ
وَنُذُرِ (٣٩)وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ (٤٠)وَلَقَدْ جَآءَ اٰلَ فِرْعَوْنَ
النُّذُرُ (٤١)كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا كُلِّهَا فَاَخَذْنٰهُمْ اَخْذَ عَزِيْزٍ مُّقْتَدِرٍ (٤٢)اَكُفَّارُكُمْ خَيْرٌ مِّنْ اُولٰٓئِكُمْ
اَمْ لَكُمْ بَرَآءَةٌ فِي الزُّبُرِ (٤٣)اَمْ يَقُوْلُوْنَ نَحْنُ جَمِيْعٌ مُّنْتَصِرٌ (٤٤)سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَيُوَلُّوْنَ
الدُّبُرَ (٤٥)بَلِ السَّاعَةُ مَوْعِدُهُمْ وَالسَّاعَةُ اَدْهٰى وَاَمَرُّ (٤٦)اِنَّ الْمُجْرِمِيْنَ فِيْ ضَلٰلٍ وَّ
سُعُرٍ (٤٧)يَوْمَ يُسْحَبُوْنَ فِي النَّارِ عَلٰى وُجُوْهِهِمْ ط ذُوْقُوْا مَسَّ سَقَرَ (٤٨)اِنَّا كُلَّ شَيْءٍ
خَلَقْنٰهُ بِقَدَرٍ (٤٩)وَمَآ اَمْرُنَآ اِلَّا وَاحِدَةٌ كَلَمْحٍ م بِالْبَصَرِ (٥٠)وَلَقَدْ اَهْلَكْنَآ اَشْيَاعَكُمْ فَهَلْ
مِنْ مُّدَّكِرٍ (٥١)وَكُلُّ شَيْءٍ فَعَلُوْهُ فِي الزُّبُرِ (٥٢)وَكُلُّ صَغِيْرٍ وَّ كَبِيْرٍ مُّسْتَطَرٌ (٥٣)اِنَّ
الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّنَهَرٍ (٥٤)فِيْ مَقْعَدِ صِدْقٍ عِنْدَ مَلِيْكٍ مُّقْتَدِرٍ (٥٥)

۵۵ سورة الرحمٰن مدنی سورة ... کل آیات ۷۸.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلرَّحْمٰنُ (١)عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ (٢)خَلَقَ الْاِنْسَانَ (٣)عَلَّمَهُ الْبَيَانَ (٤)اَلشَّمْسُ وَالْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ
(٥)وَّالنَّجْمُ وَالشَّجَرُ يَسْجُدٰنِ (٦)وَالسَّمَآءَ رَفَعَهَا وَوَضَعَ الْمِيْزَانَ (٧)اَلَّا تَطْغَوْا فِي
الْمِيْزَانِ (٨)وَاَقِيْمُوا الْوَزْنَ بِالْقِسْطِ وَلَا تُخْسِرُوا الْمِيْزَانَ (٩)

اور تحقیق ہم نے انہیں اپنی گرفت سے ڈرایا۔ تو وہ میرے ڈرانے والے سے جھگڑنے لگے۔(36) اور تحقیق انہوں نے لوط
(علیہ السلام) کے مہمانوں کو بُرے طریقے سے لینا چاہا تو ہم نے اُن کی آنکھیں مٹا دیں۔ پس میرے عذاب اور میرے
ڈرانے کا مزہ چکھو۔(37) اور تحقیق صبح سویرے ان پر دائمی عذاب ہونا ٹھہر گیا۔(38) پس میرا عذاب اور میرے ڈرانے
کا مزہ چکھو۔(39) اور تحقیق ہم نے قرآن کو ذکر کے لئے آسان کر دیا تو کیا کوئی ذکر کرنے والا ہے؟ (نصیحت حاصل
کرنے والا)(40) اور تحقیق آلِ فرعون کے پاس ڈرانے والے آئے۔(41) انہوں نے ہماری ساری آیتوں کو جھٹلایا
پس انہیں غالب اور مقتدر کی پکڑ نے پکڑ لیا۔(42) کیا کافر تمہارے دوستوں سے بہتر ہیں یا تمہارے لئے صحیفوں میں کوئی
(برأت) نجات موجود ہے؟(43) کیا وہ کہتے ہیں، انہیں مدد دی جائے گی؟(44) عنقریب اُن کی جماعت ہار جائے
گی۔ اور وہ پیٹھ دکھا کر بھاگ جائیں گے۔(45) بلکہ قیامت کی گھڑی کا اُن سے وعدہ کیا جاتا ہے۔ اور قیامت کی گھڑی
بڑی سخت اور بڑی تلخ ہے۔(46) بے شک مجرم گمراہی اور جہالت میں ہیں۔(47) جس دن وہ آگ میں اپنے چہروں
کے بل گھسیٹے جائیں گے۔ اب جہنم سے ملنے کا مزہ چکھو۔(48) بے شک ہم نے تمام چیزوں کو ایک اندازے کے مطابق
پیدا کیا۔(49) اور ہمارا صرف یہ ایک حکم ہے جیسے دیکھنے والی آنکھ کا جھپکنا۔(50) اور تحقیق ہم نے تمہارے ہم پیالہ (ہم
مشرب) کتنے ہلاک کر دیئے تو کیا کوئی نصیحت حاصل کرنے والا ہے؟(51) جو بھی بات کی ہے وہ صحیفوں میں ہے۔
(52) اور سب چھوٹی اور بڑی بات لکھی ہوئی ہے۔(53) بے شک متقی باغوں اور نہروں میں ہوں گے۔(54) صاحب
قدرت بادشاہ کے ہاں سچائی کے مقام پر۔(55)

(55)......سُوْرَۃُ الرَّحْمٰن

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے۔

الرحمٰن (1) رحمٰن نے سکھایا قرآن۔(2) بنایا انسان۔(3) دیا علم البیان۔(4) سورج اور چاند کو حساب سے رکھا۔(5)
جھاڑیوں اور درختوں کو سجدہ ریز کیا۔(6) آسمان کو بلند کیا اور اُس میں توازن رکھا۔(7) کیا آسمان نے کبھی اپنا توازن
کھویا؟(8) تم انصاف کے ساتھ پورا تولو اور تول میں کمی نہ کرو (ترازو کو متوازن رکھو)۔(9)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM

وَالۡاَرۡضَ وَضَعَهَا لِلۡاَنَامِ(۱۰)فِيۡهَا فَاكِهَةٌ وَّالنَّخۡلُ ذَاتُ الۡاَكۡمَامِ(۱۱)وَالۡحَبُّ ذُوالۡعَصۡفِ
وَالرَّيۡحَانُ(۱۲)فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ(۱۳)خَلَقَ الۡاِنۡسَانَ مِنۡ صَلۡصَالٍ
كَالۡفَخَّارِ(۱۴)وَخَلَقَ الۡجَآنَّ مِنۡ مَّارِجٍ مِّنۡ نَّارٍ(۱۵)فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ(۱۶)رَبُّ
الۡمَشۡرِقَيۡنِ وَرَبُّ الۡمَغۡرِبَيۡنِ(۱۷)فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ(۱۸)مَرَجَ الۡبَحۡرَيۡنِ
يَلۡتَقِيٰنِ(۱۹)بَيۡنَهُمَا بَرۡزَخٌ لَّا يَبۡغِيٰنِ(۲۰)فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ(۲۱)يَخۡرُجُ مِنۡهُمَا
اللُّؤۡلُؤُ وَالۡمَرۡجَانُ(۲۲)فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ(۲۳)وَلَهُ الۡجَوَارِ الۡمُنۡشَئٰتُ فِى الۡبَحۡرِ
كَالۡاَعۡلَامِ(۲۴)فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ(۲۵)كُلُّ مَنۡ عَلَيۡهَا فَانٍ(۲۶)وَّيَبۡقٰى وَجۡهُ رَبِّكَ
ذُوالۡجَلٰلِ وَالۡاِكۡرَامِ(۲۷)فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ(۲۸)يَسۡـَٔلُهٗ مَنۡ فِى السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ
ط كُلَّ يَوۡمٍ هُوَ فِىۡ شَاۡنٍ(۲۹)فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ (۳۰)سَنَفۡرُغُ لَكُمۡ اَيُّهَ
الثَّقَلٰنِ(۳۱)فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ(۳۲)يٰمَعۡشَرَ الۡجِنِّ وَالۡاِنۡسِ اِنِ اسۡتَطَعۡتُمۡ اَنۡ تَنۡفُذُوۡا
مِنۡ اَقۡطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ فَانۡفُذُوۡا. لَا تَنۡفُذُوۡنَ اِلَّا بِسُلۡطٰنٍ(۳۳)فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا
تُكَذِّبٰنِ(۳۴)يُرۡسَلُ عَلَيۡكُمَا شُوَاظٌ مِّنۡ نَّارٍ وَّنُحَاسٌ فَلَا تَنۡتَصِرٰنِ(۳۵)فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا
تُكَذِّبٰنِ(۳۶)فَاِذَا انۡشَقَّتِ السَّمَآءُ فَكَانَتۡ وَرۡدَةً كَالدِّهَانِ(۳۷)فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا
تُكَذِّبٰنِ(۳۸)فَيَوۡمَئِذٍ لَّا يُسۡـَٔلُ عَنۡ ذَنۡۢبِهٖۤ اِنۡسٌ وَّلَا جَآنٌّ(۳۹)فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا
تُكَذِّبٰنِ(۴۰)يُعۡرَفُ الۡمُجۡرِمُوۡنَ بِسِيۡمٰهُمۡ فَيُؤۡخَذُ بِالنَّوَاصِىۡ وَالۡاَقۡدَامِ (۴۱)فَبِاَيِّ اٰلَآءِ
رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ(۴۲)هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِىۡ يُكَذِّبُ بِهَا الۡمُجۡرِمُوۡنَ(۴۳)يَطُوۡفُوۡنَ بَيۡنَهَا وَبَيۡنَ
حَمِيۡمٍ اٰنٍ (۴۴)فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ(۴۵)وَلِمَنۡ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ جَنَّتٰنِ(۴۶)

اُس نے مخلوق کے لئے زمین بنائی۔(10) جس میں غلاف چڑھے پھل اور کھجوریں ہیں۔(11) اور سوندھی خوشبو
والے بھوسے سمیت دانے ہیں۔(12) تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جُھٹلاؤ گے۔(13) انسان کو کھنکتی مٹی
سے پیدا کیا(14) اور جن کو شعلے مارتی ہوئی آگ سے پیدا کیا۔(15) تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جُھٹلاؤ
گے۔(16) وہ دونوں مشرقوں اور دونوں مغربوں کا پروردگار ہے۔(17) تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو
جُھٹلاؤ گے۔(18) اُس نے بحرین بنائے جو بظاہر آپس میں ملے ہوئے ہیں۔(19) لیکن اُن دونوں کے درمیان
ایک پردہ ہے۔(20)۔تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جُھٹلاؤ گے۔(21) اُن دونوں میں سے موتی اور
مونگے نکلتے ہیں۔(22) تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جُھٹلاؤ گے۔(23) سمندر میں اونچے اونچے پہاڑ
جیسے جہاز اُسی کے ہیں۔(24) تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جُھٹلاؤ گے۔(25) اُس میں ہر شے فانی
ہے۔(26) صرف رب کی ذات ذوالجلال والاکرام امر ہے۔(27) تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جُھٹلاؤ
گے۔(28) آسمانوں اور زمین کی سب مخلوق اُسی سے ہی مانگتی ہے اور وہ روزانہ اُن کے کام کرتا ہے۔(29) تم
اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جُھٹلاؤ گے۔(30) اے زمین و آسمان کے باسیو ہم جلد ہی آپ کے لئے فارغ
ہوں گے۔(31) تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جُھٹلاؤ گے۔(32) اے گروہِ جن وانس اگر ہمت ہے تو
زمین و آسمان کے کناروں سے باہر نکل جاؤ۔تم ہرگز باہر نہیں نکل سکتے مگر قوت کے ساتھ۔(33) تم اپنے پروردگار کی
کون کون سی نعمت کو جُھٹلاؤ گے۔(34) تم پر آگ کے شعلے اور دھواں چھوڑا جائے گا جس پر تم قابو نہ
پاسکو گے۔(35) تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جُھٹلاؤ گے۔(36) جب آسمان پھٹ کر سرخ کھال جیسا
سرخ گلاب ہو جائے گا۔(37) تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جُھٹلاؤ گے۔(38) اس دن کسی آدمی اور
جن سے اُس کے گناہوں کے بارے میں نہیں پوچھا جائے گا۔(39) تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جُھٹلاؤ
گے۔(40) مجرم اپنے چہروں ، سے ہی پہچانے جائیں گے اور اپنی پیشانی کے بالوں اور قدموں سے پکڑے
جائیں گے۔(41) تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جُھٹلاؤ گے۔(42) یہ ہے وہ جہنم جسے مجرم جھٹلاتے
تھے۔(43) وہ جہنم اور گرم پانی میں چکر کھا رہے ہوں گے۔(44) تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جُھٹلاؤ
گے۔(45) جس نے اپنے رب کے رتبے سے خوف کھایا اُس کے لئے دو جنتیں ہیں۔(46)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ(۴۷)ذَوَاتَآ اَفۡنَانٍ(۴۸)فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا
تُکَذِّبٰنِ(۴۹)فِیۡهِمَا عَیۡنٰنِ تَجۡرِیٰنِ(۵۰)فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ(۵۱)فِیۡهِمَا مِنۡ
کُلِّ فَاکِهَةٍ زَوۡجٰنِ(۵۲)فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ(۵۳)مُتَّکِئِیۡنَ عَلٰی فُرُشٍ م بَطَآئِنُهَا مِنۡ
اِسۡتَبۡرَقٍ ط وَجَنَا الۡجَنَّتَیۡنِ دَانٍ(۵۴)فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ(۵۵)فِیۡهِنَّ قٰصِرٰتُ الطَّرۡفِ
لَمۡ یَطۡمِثۡهُنَّ اِنۡسٌ قَبۡلَهُمۡ وَلَا جَآنٌّ(۵۶)فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ(۵۷)کَاَنَّهُنَّ الۡیَاقُوۡتُ
وَالۡمَرۡجَانُ(۵۸)فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ(۵۹)هَلۡ جَزَآءُ الۡاِحۡسَانِ اِلَّا
الۡاِحۡسَانُ(۶۰)فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ(۶۱)وَمِنۡ دُوۡنِهِمَا جَنَّتٰنِ(۶۲)فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا
تُکَذِّبٰنِ(۶۳)مُدۡهَآمَّتٰنِ(۶۴)فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ(۶۵)فِیۡهِمَا عَیۡنٰنِ
نَضَّاخَتٰنِ(۶۶)فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ(۶۷)فِیۡهِمَا فَاکِهَةٌ وَّنَخۡلٌ وَّرُمَّانٌ(۶۸)فَبِاَیِّ اٰلَآءِ
رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ(۶۹)فِیۡهِنَّ خَیۡرٰتٌ حِسَانٌ(۷۰)فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ(۷۱)حُوۡرٌ
مَّقۡصُوۡرٰتٌ فِی الۡخِیَامِ(۷۲)فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ(۷۳)لَمۡ یَطۡمِثۡهُنَّ اِنۡسٌ قَبۡلَهُمۡ وَلَا
جَآنٌّ(۷۴)فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ(۷۵)مُتَّکِئِیۡنَ عَلٰی رَفۡرَفٍ خُضۡرٍ وَّعَبۡقَرِیٍّ حِسَانٍ
(۷۶)فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ(۷۷)تَبٰرَکَ اسۡمُ رَبِّکَ ذِی الۡجَلٰلِ وَالۡاِکۡرَامِ(۷۸)

۵۶سورة واقعة مکی سورة ... کل آیات.۹۶

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اِذَا وَقَعَتِ الۡوَاقِعَةُ(۱)لَیۡسَ لِوَقۡعَتِهَا کَاذِبَةٌ(۲)خَافِضَةٌ رَّافِعَةٌ(۳)اِذَا رُجَّتِ الۡاَرۡضُ رَجًّا
(۴)وَّبُسَّتِ الۡجِبَالُ بَسًّا(۵)فَکَانَتۡ هَبَآءً مُّنۡبَثًّا(۶)وَّکُنۡتُمۡ اَزۡوَاجًا ثَلٰثَةً(۷)فَاَصۡحٰبُ
الۡمَیۡمَنَةِ. مَآ اَصۡحٰبُ الۡمَیۡمَنَةِ(۸)وَاَصۡحٰبُ الۡمَشۡئَمَةِ مَآ اَصۡحٰبُ الۡمَشۡئَمَةِ(۹)

تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جُھٹلاؤ گے۔(47) (دونوں پھلوں سے لدی) ڈالیوں والیاں۔(48) تم اپنے
پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جُھٹلاؤ گے۔(49) اِن میں دو چشمے بہتے ہیں۔(50) تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو
جُھٹلاؤ گے۔(51) اِن میں تمام پھل جوڑا جوڑا ہیں۔(52) تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جُھٹلاؤ گے۔(53)
بچھونوں پر تکیہ جن کا غلاف ریشم کا ہے اور دونوں جنتوں کے پھل جھکے ہوئے۔(54) تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت
کو جُھٹلاؤ گے۔(55) اِن میں نیچی نگاہ والی (شرم وحیا والی) عورتیں ہیں جنہیں کسی انسان اور جن نے اس سے قبل نہیں
دیکھا۔(56) تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جُھٹلاؤ گے۔(57) گویا کہ وہ یاقوت و مرجان ہیں۔(58) تم اپنے
پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جُھٹلاؤ گے۔(59) کیا احسان کا بدلہ احسان کے سوا کچھ ہے؟(60) تم اپنے پروردگار کی
کون کون سی نعمت کو جُھٹلاؤ گے۔(61) ان جنتوں میں دو جنتیں اور ہیں۔(62) تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو
جُھٹلاؤ گے۔(63) دونوں گہری سبز ہیں۔(64) تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جُھٹلاؤ گے۔(65) اِن میں دو
اُبلتے ہوئے چشمے ہیں۔(66) تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جُھٹلاؤ گے۔(67) اِن میں پھل، کھجور اور انار
ہیں۔(68) تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جُھٹلاؤ گے۔(69) اِن میں خوش جمال اور خوش خصال عورتیں ہیں۔
(70) تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جُھٹلاؤ گے۔(71) خیام میں پردہ نشیں حوریں منتظر ہیں۔(72) تم اپنے
پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جُھٹلاؤ گے۔(73) جنہیں اس سے قبل کسی جن وانس نے چھوا تک نہیں۔(74) تم اپنے
پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جُھٹلاؤ گے۔(75) سبز بچھونوں اور مُنقش چاندنیوں پر تکیہ لگائے ہوئے۔(76) تم اپنے
پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جُھٹلاؤ گے۔(77) برکت والا ہے نام تمہارے رب کا جو جلال واکرام والا ہے۔(78)

(56)......سُوۡرَةُ الۡوَاقِعَة

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے۔

جب واقع ہونے والی واقع ہو جائے گی۔(1) اُس کے واقع ہونے میں جھوٹ نہیں۔(2) تہہ و بالا کرنے
والی۔(3) جب زمین زلزلہ سے ہلا دی جائے گی۔(4) پھر پہاڑ ٹوٹ کر ریزہ ریزہ ہو جائیں گے۔(5) پھر وہ
پراگندہ غبار کی طرح ہو جائیں گے۔(6) اور تم تین جماعتیں ہو جاؤ گے۔(7) پس راست باز (دائیں بازو
والے) کیا ہیں دائیں ہاتھ والے؟(8) اور بائیں ہاتھ والے اور کیا ہیں بائیں ہاتھ والے؟(9)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM

وَالسّٰبِقُوْنَ السّٰبِقُوْنَ(۱۰)اُولٰٓئِكَ الْمُقَرَّبُوْنَ(۱۱)فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ(۱۲)ثُلَّةٌ مِّنَ
الْاَوَّلِيْنَ(۱۳)وَقَلِيْلٌ مِّنَ الْاٰخِرِيْنَ(۱۴)عَلٰى سُرُرٍ مَّوْضُوْنَةٍ(۱۵)مُّتَّكِئِيْنَ عَلَيْهَا
مُتَقٰبِلِيْنَ(۱۶)يَطُوْفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُوْنَ(۱۷)بِاَكْوَابٍ وَّاَبَارِيْقَ وَكَاْسٍ مِّنْ
مَّعِيْنٍ(۱۸)لَّا يُصَدَّعُوْنَ عَنْهَا وَلَا يُنْزِفُوْنَ(۱۹)وَفَاكِهَةٍ مِّمَّا يَتَخَيَّرُوْنَ(۲۰)وَلَحْمِ طَيْرٍ
مِّمَّا يَشْتَهُوْنَ(۲۱)وَحُوْرٌ عِيْنٌ(۲۲)كَاَمْثَالِ اللُّؤْلُؤِ الْمَكْنُوْنِ(۲۳)جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا
يَعْمَلُوْنَ(۲۴)لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا وَّلَا تَاْثِيْمًا(۲۵)اِلَّا قِيْلًا سَلٰمًا سَلٰمًا(۲۶)وَاَصْحٰبُ
الْيَمِيْنِ مَآ اَصْحٰبُ الْيَمِيْنِ(۲۷)فِيْ سِدْرٍ مَّخْضُوْدٍ(۲۸)وَّطَلْحٍ مَّنْضُوْدٍ(۲۹)وَّظِلٍّ
مَّمْدُوْدٍ(۳۰)وَّمَآءٍ مَّسْكُوْبٍ(۳۱)وَّفَاكِهَةٍ كَثِيْرَةٍ(۳۲)لَّا مَقْطُوْعَةٍ وَّلَا مَمْنُوْعَةٍ وَّفُرُشٍ
مَّرْفُوْعَةٍ(۳۴)اِنَّآ اَنْشَاْنٰهُنَّ اِنْشَآءً(۳۵)فَجَعَلْنٰهُنَّ اَبْكَارًا(۳۶)عُرُبًا اَتْرَابًا(۳۷)لِّاَصْحٰبِ
الْيَمِيْنِ(۳۸)ثُلَّةٌ مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ(۳۹)وَثُلَّةٌ مِّنَ الْاٰخِرِيْنَ(۴۰)وَاَصْحٰبُ الشِّمَالِ مَآ اَصْحٰبُ
الشِّمَالِ(۴۱)فِيْ سَمُوْمٍ وَّحَمِيْمٍ(۴۲)وَّظِلٍّ مِّنْ يَّحْمُوْمٍ(۴۳)لَّا بَارِدٍ وَّلَا
كَرِيْمٍ(۴۴)اِنَّهُمْ كَانُوْا قَبْلَ ذٰلِكَ مُتْرَفِيْنَ(۴۵)وَكَانُوْا يُصِرُّوْنَ عَلَى الْحِنْثِ
الْعَظِيْمِ(۴۶)وَكَانُوْا يَقُوْلُوْنَ اَئِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ(۴۷)اَوَ اٰبَآؤُنَا
الْاَوَّلُوْنَ(۴۸)قُلْ اِنَّ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ(۴۹)لَمَجْمُوْعُوْنَ اِلٰى مِيْقَاتِ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ(۵۰)ثُمَّ
اِنَّكُمْ اَيُّهَا الضَّآلُّوْنَ الْمُكَذِّبُوْنَ(۵۱)لَاٰكِلُوْنَ مِنْ شَجَرٍ مِّنْ زَقُّوْمٍ(۵۲)فَمَالِـُٔوْنَ مِنْهَا
الْبُطُوْنَ(۵۳)فَشٰرِبُوْنَ عَلَيْهِ مِنَ الْحَمِيْمِ(۵۴)فَشٰرِبُوْنَ شُرْبَ الْهِيْمِ(۵۵)هٰذَا نُزُلُهُمْ يَوْمَ
الدِّيْنِ(۵۶)نَحْنُ خَلَقْنٰكُمْ فَلَوْلَا تُصَدِّقُوْنَ(۵۷)

اورسبقت لے جانے والے سبقت لے جانے والے ہیں۔(10) یہی ہیں جومقرب ہیں۔(11) نعمتوں کے باغوں
میں۔(12) سابقہ میں سے بے شمار لوگوں کی ایک بڑی جماعت۔(13) اور آخری میں سے سب سے چھوٹی
جماعت۔(14) وہ سونے اورموتیوں سے مرصع تختوں پر بیٹھے ہوں گے۔(15) وہ اُن تختوں پر آمنے سامنے تکیہ لگائے
ہوں گے۔(16) لڑکے ہمیشہ اُن کے طواف میں رہیں گے۔(یعنی خادم لڑکے اُن کی خدمت میں ہمیشہ حاضر رہیں
گے۔(17) مینا لئے ہوئے لبریز جام کے ساتھ۔(18) ایسی شراب جونہ سربوجھل کرے اورنہ بہکائے۔(19) اور ایسے
پھل جواُن کو بھلے لگتے ہوں/اُن کو پسند ہوں۔(20) اور پرندوں کا گوشت جواُن کو مرغوب ہوں۔(21) اور بڑی بڑی
آنکھوں والی حوریں۔(22) جیسے چھپے ہوئے موتی ہوں۔(23) یہ اُن کے اعمالِ حسنہ کی جزا ہے۔(24) وہاں نہ کوئی
فضول بات سُنیں گے اورنہ کوئی گناہ کی بات۔(25) صرف سلام ہی سلام بولا جائے گا۔(26) اوردہنی ہاتھ والے کیا
خوب ہیں دہنی ہاتھ والے؟(27) وہ بغیر کانٹوں کی بیریوں کے درختوں میں (پھل کھا رہے) ہوں گے۔(28) اورتہہ
بہ تہہ کیلوں کے لُنگر ہوں گے۔(29) اورطویل چھاؤں(30) اورآب شار۔(31) اورکثیر پھل۔(32) نہ قطع کیا ہوا نہ منع
کیا ہوا درخت۔(پھل)(33) اور بلند تختے(فرش)۔(34) ہم نے انہیں اٹھان دی۔خوب اٹھان(جوان کیا)(35)
دوشیزائیں بنایا۔(36) جواں محبوبائیں(37) دائیں ہاتھ والوں کے لئے۔(38) جو بے شمار اگلے لوگوں میں سے
ہیں۔(39) اور بے شمار پچھلے لوگوں میں سے(40) اور بائیں ہاتھ والے(مخالف،کافر) اور کیا ہیں بائیں ہاتھ والے؟
(41) وہ گرم جھلسا دینے والی ہوا اور گرم کھولتے ہوئے پانی میں ہوں گے۔(42) اور سیاہ دھوئیں کے سائے تلے۔(43)
جونہ ٹھنڈا ہے اورنہ فرحت بخش۔(44) بے شک وہ اِس سے پہلے بڑی نازونعمت میں پلے تھے۔(45) وہ عظیم گناہ پر
اصرار کرتے تھے۔(46) وہ کہتے تھے، جب ہم مرگئے اور مرکر خاک اور ہڈیاں ہو گئے تو کیا ہمیں لازماً اٹھایا جائے
گا؟(47) کیا ہمارے گزرے ہوئے باپ دادا کو بھی اٹھایا جائے گا؟(48) آپ کہہ دو، بے شک تمہارے اگلوں اور
پچھلوں کو بھی دوبارہ زندہ کیا جائے گا۔(49) وہ ضرور جمع کئے جائیں گے، ایک مقررہ وقت پر جس دن کا رب کو پتہ
ہے۔(50) اے جھٹلانے والے گمراہ لوگو۔(51) تم ضرور تھوہر کے درخت سے کھاؤ گے۔(52) پس کیوں اِس سے
اپنے پیٹ بھرو گے؟(53) اور گرم پانی سے پیو گے۔(54) اور اونٹ کا پینا پیؤ گے۔(55) قیامت کے دن یہ اُن کی
مہمانی کی جائے گی۔(56) ہم نے تمہیں پیدا کیا پھر تم کیوں حق کی تصدیق نہیں کرتے؟(57)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM

اَفَرَءَ يْتُمْ مَّا تُمْنُوْنَ(۵۸)ءَ اَنْتُمْ تَخْلُقُوْنَهٗۤ اَمْ نَحْنُ الْخٰلِقُوْنَ(۵۹)نَحْنُ قَدَّرْنَا بَيْنَكُمُ الْمَوْتَ
وَمَا نَحْنُ بِمَسْبُوْقِيْنَ(۶۰)عَلٰۤى اَنْ نُّبَدِّلَ اَمْثَالَكُمْ وَنُنْشِئَكُمْ فِيْ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ(۶۱)وَلَقَدْ
عَلِمْتُمُ النَّشْاَةَ الْاُوْلٰى فَلَوْلَا تَذَكَّرُوْنَ(۶۲)اَفَرَءَ يْتُمْ مَّا تَحْرُثُوْنَ(۶۳)ءَ اَنْتُمْ تَزْرَعُوْنَهٗۤ اَمْ
نَحْنُ الزّٰرِعُوْنَ(۶۴)لَوْ نَشَآءُ لَجَعَلْنٰهُ حُطَامًا فَظَلْتُمْ تَفَكَّهُوْنَ(۶۵)اِنَّا لَمُغْرَمُوْنَ(۶۶)بَلْ
نَحْنُ مَحْرُوْمُوْنَ(۶۷)اَفَرَءَ يْتُمُ الْمَآءَ الَّذِيْ تَشْرَبُوْنَ(۶۸)ءَ اَنْتُمْ اَنْزَلْتُمُوْهُ مِنَ الْمُزْنِ اَمْ
نَحْنُ الْمُنْزِلُوْنَ(۶۹)لَوْ نَشَآءُ جَعَلْنٰهُ اُجَاجًا فَلَوْلَا تَشْكُرُوْنَ(۷۰)اَفَرَءَ يْتُمُ النَّارَ الَّتِيْ
تُوْرُوْنَ(۷۱)ءَ اَنْتُمْ اَنْشَاْتُمْ شَجَرَتَهَاۤ اَمْ نَحْنُ الْمُنْشِئُوْنَ(۷۲)نَحْنُ جَعَلْنٰهَا تَذْكِرَةً وَّمَتَاعًا
لِّلْمُقْوِيْنَ (۷۳)فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ(۷۴)فَلَاۤ اُقْسِمُ بِمَوٰقِعِ النُّجُوْمِ(۷۵)وَاِنَّهٗ لَقَسَمٌ
لَّوْ تَعْلَمُوْنَ عَظِيْمٌ(۷۶)اِنَّهٗ لَقُرْاٰنٌ كَرِيْمٌ(۷۷)فِيْ كِتٰبٍ مَّكْنُوْنٍ(۷۸)لَّا يَمَسُّهٗۤ اِلَّا
الْمُطَهَّرُوْنَ(۷۹)تَنْزِيْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ(۸۰)اَفَبِهٰذَا الْحَدِيْثِ اَنْتُمْ
مُّدْهِنُوْنَ(۸۱)وَتَجْعَلُوْنَ رِزْقَكُمْ اَنَّكُمْ تُكَذِّبُوْنَ(۸۲)فَلَوْلَاۤ اِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُوْمَ(۸۳)وَاَنْتُمْ
حِيْنَئِذٍ تَنْظُرُوْنَ(۸۴)وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْكُمْ وَلٰكِنْ لَّا تُبْصِرُوْنَ(۸۵)فَلَوْلَاۤ اِنْ كُنْتُمْ غَيْرَ
مَدِيْنِيْنَ(۸۶)تَرْجِعُوْنَهَاۤ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ (۸۷)فَاَمَّاۤ اِنْ كَانَ مِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ(۸۸)فَرَوْحٌ
وَّرَيْحَانٌ وَّجَنَّتُ نَعِيْمٍ(۸۹)وَاَمَّاۤ اِنْ كَانَ مِنْ اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ(۹۰)فَسَلٰمٌ لَّكَ مِنْ اَصْحٰبِ
الْيَمِيْنِ(۹۱)وَاَمَّاۤ اِنْ كَانَ مِنَ الْمُكَذِّبِيْنَ الضَّآلِّيْنَ(۹۲)فَنُزُلٌ مِّنْ حَمِيْمٍ(۹۳)وَّتَصْلِيَةُ
جَحِيْمٍ(۹۴)اِنَّ هٰذَا لَهُوَ حَقُّ الْيَقِيْنِ(۹۵)فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ (۹۶)

دیکھوتم جو (نُطفہ) ٹپکاتے ہو۔(58) کیاتم اُسے تخلیق کرتے ہو یا ہم تخلیق کرتے ہیں۔(59) ہم نے تمہارے درمیان
موت کا دن مقرر کیا اور ہم اِس کام سے تھکتے نہیں۔(60) کہ ہم تمہاری جگہ تم جیسی اور قوم لے آئیں اور تمہیں وہاں پیدا
کردیں (وہاں سے اٹھادیں) جس کا تمہیں علم بھی نہ ہو۔(61) اور تحقیق تم اپنی پہلی پیدائش جان چکے ہو۔ پھر تم تذکرہ
کیوں نہیں کرتے۔(62) دیکھو تم جو کھیتی بوتے ہو۔(63) کیاتم کھیتی اگاتے ہو یا ہم اگاتے ہیں۔(64) اگر ہم چاہیں
تو اُس کھیتی کو ریزہ ریزہ کردیں پھر تم حیرت زدہ باتیں کرتے رہ جاؤ۔(65) کہ بے شک ہم تاوان بھرنے والے لوگ
ہیں۔(66) بلکہ ہم محروم لوگ ہیں۔(67) تم دیکھو یہ پانی جو تم پیتے ہو۔(68) کیاتم نے اُسے بادل سے اتارا یا ہم
اتارتے ہیں۔(69) اگر ہم چاہیں تو اُس پانی کو کڑوا کردیں پھر تم شکر کیوں نہیں کرتے۔(70) دیکھو یہ آگ جو تم
سُلگاتے ہو۔(71) کیاتم نے اس کے درختوں کو اٹھایا (پیدا کیا) یا ہم اٹھاتے ہیں۔(72) ہم نے اُسے نصیحت اور
مسافروں کے لئے فائدہ بنایا۔(73) پس اپنے رب العظیم کے نام کی تسبیح کر۔(74) پس میں ستاروں کے گرنے کی قسم
کھاتا ہوں۔(75) اور بے شک یہ ایک بڑی قسم ہے جسے تم نہیں جانتے۔(76) بے شک یہ قرآن کریم ہے۔(77)
ایک لکھی ہوئی کتاب میں۔(78) اُسے صرف پاک لوگ ہی چھوتے ہیں (مطہرہ لوگ)(79) اُسے تمام جہانوں کے
رب نے نازل کیا ہے۔(80) تو کیا پھر تم اِس حدیث کو نہیں مانتے(81) اور تم جھٹلانے کو اپنی روزی بناتے ہو۔(82)
جب جان حلق میں آن اٹکی(83) تب تم دیکھتے ہو۔(84) اُس وقت تم میں سے ہم اُس کے زیادہ قریب ہوتے ہیں
لیکن تم نہیں دیکھتے۔(85) اگر اللہ کی مشیت سے تم آزاد ہو۔(86) تو تم کیوں نہیں اِسے لوٹا لیتے (جان دوبارہ کیوں
نہیں ڈال لیتے) اگر تم سچے ہو۔(87) پس جو مقربین میں سے ہو۔(88) اُس کے لئے فرحت، خوشبو (ریحان) اور
نعمتوں والے باغات ہیں۔(89) اور اگر مرنے والا دائیں طرف والا ہو/ راست باز ہو۔(90) تو اُس کے لئے دائیں
ہاتھ کی جماعت کی طرف سے سلامتی ہے۔(91) اور اگر مرنے والا جھٹلانے والوں میں سے/ گمراہ لوگوں میں سے
ہو۔(92) تو اُس کی مہمانی/ خاطر داری گرم پانی سے کی جائے گی۔(93) اور اِسے دوزخ کے حوالے کیا جائے
گا۔(94) بے شک یہ حق الیقین ہے۔(95) پس حمد بیان کریں، اپنے ربِ عظیم کی۔(96)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM

۵۷سورة الحدید مدنی سورة ... کل آیات ۲۹

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ وَهُوَ الۡعَزِيۡزُ الۡحَكِيۡمُ(۱)لَهٗ مُلۡكُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ
يُحۡيٖ وَيُمِيۡتُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ قَدِيۡرٌ(۲)هُوَ الۡاَوَّلُ وَالۡاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالۡبَاطِنُ وَهُوَ بِكُلِّ
شَىۡءٍ عَلِيۡمٌ(۳)هُوَ الَّذِىۡ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ فِىۡ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسۡتَوٰى عَلَى الۡعَرۡشِ ط
يَعۡلَمُ مَا يَلِجُ فِى الۡاَرۡضِ وَمَا يَخۡرُجُ مِنۡهَا وَمَا يَنۡزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَمَا يَعۡرُجُ فِيۡهَا ط وَهُوَمَعَكُمۡ
اَيۡنَ مَا كُنۡتُمۡ ط وَاللّٰهُ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ بَصِيۡرٌ(۴)لَهٗ مُلۡكُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ. وَاِلَى اللّٰهِ تُرۡجَعُ
الۡاُمُوۡرُ(۵)يُوۡلِجُ الَّيۡلَ فِى النَّهَارِ وَيُوۡلِجُ النَّهَارَ فِى الَّيۡلِ ط وَهُوَ عَلِيۡمٌ م بِذَاتِ
الصُّدُوۡرِ(۶)اٰمِنُوۡا بِاللّٰهِ وَرَسُوۡلِهٖ وَاَنۡفِقُوۡا مِمَّا جَعَلَكُمۡ مُّسۡتَخۡلَفِيۡنَ فِيۡهِ ط فَالَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا
مِنۡكُمۡ وَاَنۡفَقُوۡا لَهُمۡ اَجۡرٌ كَبِيۡرٌ(۷)وَمَا لَكُمۡ لَا تُؤۡمِنُوۡنَ بِاللّٰهِ وَالرَّسُوۡلُ يَدۡعُوۡكُمۡ لِتُؤۡمِنُوۡا
بِرَبِّكُمۡ وَقَدۡ اَخَذَ مِيۡثَاقَكُمۡ اِنۡ كُنۡتُمۡ مُّؤۡمِنِيۡنَ(۸)هُوَالَّذِىۡ يُنَزِّلُ عَلٰى عَبۡدِهٖۤ اٰيٰتٍ م بَيِّنٰتٍ
لِّيُخۡرِجَكُمۡ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوۡرِ ط وَاِنَّ اللّٰهَ بِكُمۡ لَرَءُوۡفٌ رَّحِيۡمٌ(۹)وَمَا لَكُمۡ اَلَّا تُنۡفِقُوۡا
فِىۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ وَلِلّٰهِ مِيۡرَاثُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ط لَا يَسۡتَوِىۡ مِنۡكُمۡ مَّنۡ اَنۡفَقَ مِنۡ قَبۡلِ الۡفَتۡحِ
وَقٰتَلَ ط اُولٰٓئِكَ اَعۡظَمُ دَرَجَةً مِّنَ الَّذِيۡنَ اَنۡفَقُوۡا مِنۡ م بَعۡدُ وَقٰتَلُوۡا ط وَكُلًّا وَّعَدَ اللّٰهُ
الۡحُسۡنٰى ط وَاللّٰهُ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ خَبِيۡرٌ(۱۰)مَنۡ ذَا الَّذِىۡ يُقۡرِضُ اللّٰهَ قَرۡضًا حَسَنًا فَيُضٰعِفَهٗ لَهٗ
وَلَهٗۤ اَجۡرٌ كَرِيۡمٌ(۱۱)يَوۡمَ تَرَى الۡمُؤۡمِنِيۡنَ وَالۡمُؤۡمِنٰتِ يَسۡعٰى نُوۡرُهُمۡ بَيۡنَ اَيۡدِيۡهِمۡ وَبِاَيۡمَانِهِمۡ
بُشۡرٰكُمُ الۡيَوۡمَ جَنّٰتٌ تَجۡرِىۡ مِنۡ تَحۡتِهَا الۡاَنۡهٰرُ خٰلِدِيۡنَ فِيۡهَا ط ذٰلِكَ هُوَ الۡفَوۡزُ
الۡعَظِيۡمُ(۱۲)

(57)......سُوۡرَةُ الۡحَدِيۡد

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے۔

آسمانوں اور زمین کی ہر شے اللہ کی تسبیح کرتی ہے۔اور وہ غالب حکمت والا ہے (دانا ہے)۔(1) آسمانوں اور زمین کی
بادشاہت اُسی کی ہے۔ وہ زندگی اور موت دیتا ہے۔اور وہ ہر شے پر قادر ہے۔(2) اول بھی وہی ہے اور آخر بھی وہی
ہے۔ظاہر بھی وہی ہے اور باطن بھی وہی ہے۔اور اُسے ہر شے کا علم ہے۔(3) وہی ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو
6 دنوں میں تخلیق کیا۔ پھر اِس نے عرش پر قرار اختیار کیا (عرش پر چڑھ گیا)۔زمین میں جو جاتا ہے اور جو باہر نکلتا ہے اور
آسمان سے جو نازل ہوتا ہے اور جو چڑھتا ہے اُسے علم ہے۔اور تم جہاں بھی ہوتے ہو وہ تمہارے ساتھ ہوتا ہے۔اور تم جو
کرتے ہو وہ دیکھتا ہے۔(4) آسمانوں اور زمین کی بادشاہت اُس کے لئے ہے۔اور تمام معاملات کو اللہ کی طرف ہی
لوٹ جانا ہے۔(5) وہ رات کو دن میں داخل کرتا ہے اور دن کو رات میں داخل کرتا ہے۔اور وہ دلوں کے بھید خوب جانتا
ہے۔(6) اللہ اور اُس کے رسول پر ایمان لاؤ اور اُس کا دیا ہوا خرچ کرو پس جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے (اللہ
کے دیئے ہوئے مال میں سے) خرچ کیا تو اُن کے لئے بہت بڑا اجر ہوگا۔(7) اور تمہیں کیا ہے کہ جب اللہ کا رسول
تمہیں تمہارے رب پر ایمان لانے کی دعوت دیتا ہے تم اللہ اور رسول پر ایمان نہیں لاتے جب کہ وہ تم سے پہلے ہی عہد
لے چکا ہے، اگر تم مومن ہو۔(8) وہی ہے جو اپنے بندے پر روشن آیات نازل کرتا ہے۔، تاکہ وہ تمہیں اندھیروں سے
نکال کر روشنی کی طرف لے جائے اور بے شک اللہ تمہارے لئے معاف کرنے والا مہربان ہے۔(9) اور تمہیں کیا ہے کہ
تم اللہ کے راستے میں خرچ نہیں کرتے، آسمانوں اور زمین کی میراث اللہ ہی کے لئے ہے۔تم میں سے جس نے فتح سے
پہلے (فتح مکہ سے پہلے) خرچ کیا اور جس نے فتح مکہ کے بعد خرچ کیا اور قتال کیا اُن کا رتبہ (اجر) برابر نہیں اور اللہ کے
تمام وعدے بہترین ہیں۔اور تم جو کرتے ہو اللہ جانتا ہے۔(10) ہے کوئی جو اللہ کو قرض حسنہ دے اور اللہ اُسے دوگنا کر
دے اور اُس کے لئے بہت کرم والا اجر ہے۔(11) جس دن مومن مردوں اور عورتوں کے آگے (اور دائیں) تم اُن
کے نور کو چلتے دیکھو گے اور اُن کے دائیں ہاتھ میں اُن کی خوشخبری ہوگی۔آج کے دن ایسے باغات ہیں جن کے نیچے
نہریں رواں ہیں۔وہ اُن باغوں میں ہمیشہ رہیں گے۔یہ بہت بڑی کامیابی ہے(12)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM

يَوْمَ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالْمُنٰفِقٰتُ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوا انْظُرُوْنَا نَقْتَبِسْ مِنْ نُّوْرِكُمْ قِيْلَ ارْجِعُوْا وَرَآءَ
كُمْ فَالْتَمِسُوْا نُوْرًا ط فَضُرِبَ بَيْنَهُمْ بِسُوْرٍ لَّهٗ بَابٌ ط بَاطِنُهٗ فِيْهِ الرَّحْمَةُ وَظَاهِرُهٗ مِنْ قِبَلِهِ
الْعَذَابُ(۱۳)يُنَادُوْنَهُمْ اَلَمْ نَكُنْ مَّعَكُمْ ط قَالُوْا بَلٰى وَلٰكِنَّكُمْ فَتَنْتُمْ اَنْفُسَكُمْ وَتَرَبَّصْتُمْ
وَارْتَبْتُمْ وَغَرَّتْكُمُ الْاَمَانِيُّ حَتّٰى جَآءَ اَمْرُ اللّٰهِ وَغَرَّكُمْ بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ(۱۴)فَالْيَوْمَ لَا يُؤْخَذُ
مِنْكُمْ فِدْيَةٌ وَّلَا مِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ط مَاْوٰكُمُ النَّارُ ط هِيَ مَوْلٰكُمْ ط وَبِئْسَ
الْمَصِيْرُ(۱۵)اَلَمْ يَاْنِ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ تَخْشَعَ قُلُوْبُهُمْ لِذِكْرِ اللّٰهِ وَمَا نَزَلَ مِنَ الْحَقِّ
وَلَا يَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلُ فَطَالَ عَلَيْهِمُ الْاَمَدُ فَقَسَتْ قُلُوْبُهُمْ ط وَكَثِيْرٌ
مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ(۱۶)اِعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ط قَدْ بَيَّنَّا لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ
تَعْقِلُوْنَ(۱۷)اِنَّ الْمُصَّدِّقِيْنَ وَالْمُصَّدِّقٰتِ وَاَقْرَضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا يُّضٰعَفُ لَهُمْ وَلَهُمْ
اَجْرٌ كَرِيْمٌ(۱۸)وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖٓ اُولٰٓئِكَ هُمُ الصِّدِّيْقُوْنَ وَالشُّهَدَآءُ عِنْدَ رَبِّهِمْ
ط لَهُمْ اَجْرُهُمْ وَنُوْرُهُمْ ط وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ
الْجَحِيْمِ(۱۹)اِعْلَمُوْٓا اَنَّمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ وَّزِيْنَةٌ وَّتَفَاخُرٌ بَيْنَكُمْ وَتَكَاثُرٌ فِي
الْاَمْوَالِ وَالْاَوْلَادِ ط كَمَثَلِ غَيْثٍ اَعْجَبَ الْكُفَّارَ نَبَاتُهٗ ثُمَّ يَهِيْجُ فَتَرٰىهُ مُصْفَرًّا ثُمَّ يَكُوْنُ
حُطَامًا ط وَفِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ شَدِيْدٌ وَّمَغْفِرَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانٌ ط وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا
مَتَاعُ الْغُرُوْرِ(۲۰)سَابِقُوْٓا اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا كَعَرْضِ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ
اُعِدَّتْ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ. ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ط وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ
الْعَظِيْمِ(۲۱)

اِس دن منافق مرد اور عورتیں ایمان لانے والوں سے کہیں گی، ایک نظر ہماری طرف کہ ہم تمہاری روشنی پا لیں۔ وہ کہیں گے اپنے پیچھے جا کر اپنی روشنی تلاش کرو۔ پس اُن کے درمیان ایک دیوار بنا دی جائے گی جس کا ایک دروازہ ہوگا جس کے باطن میں رحمت ہوگی اور جس کے ظاہر/ باہر کی طرف عذاب ہوگا۔(13) وہ انہیں پکار کر کہیں گے کیا ہم تمہارے ساتھ نہ تھے، وہ کہیں گے، ہاں، مگر تم نے خود کو فتنہ میں ڈالا اور تم انتظار میں رہے اور شک کرتے رہے۔ اور تمہاری تمناؤں نے تمہیں دھوکے میں رکھا۔ یہاں تک کہ اللہ کا حکم آ گیا۔(14) پس آج تم سے اور کافروں سے کوئی فدیہ نہیں لیا جائے گا۔ تمہارا ٹھکانہ آگ (جہنم) ہے۔ وہی تمہارا دوست (مولیٰ) ہے۔ اور جو جہنم میں لوٹا تو یہ لوٹنے کا بُرا ٹھکانہ ہے۔(15) کیا ابھی وقت نہیں آیا کہ مومنوں کے دل اللہ کی یاد سے اور حق تعالیٰ کی طرف سے نازل کردہ سے جُھک جائیں اور وہ اُن لوگوں کی طرح نہ ہو جائیں جنہیں قبل ازیں کتاب دی گئی اور وقت گزرنے کے ساتھ اُن کے دل سخت ہو گئے۔ اور اُن میں سے زیادہ تر فاسق (نافرمان) ہیں۔(16) جان رکھو کہ اللہ زمین کے مرنے کے بعد اُسے زندہ کرتا ہے۔ تحقیق ہم نے تمہارے لئے آیتیں بیان کر دیں، تاکہ تم سمجھ جاؤ۔(17) اللہ کو صدقہ اور قرض حسنہ دینے والے مردوں اور عورتوں کا قرض اللہ دوگنا کر دے گا اور انہیں بہتر اجر دے گا۔(18) اللہ اور اُس کے رسول پر ایمان لانے والے اور شہداء ہی اللہ کے نزدیک سچے ہیں۔ اُن کے لئے اُن کا اجر اور اُن کا نور ہے۔ اور وہ جنہوں نے ہماری آیتوں کا انکار کیا اور جُھٹلایا وہی دوزخی ہیں۔(19) جان لو کہ دنیاوی زندگی صرف کھیل کود اور ایک دکھاوا اور آپس میں تفاخر کا باعث ہے۔ اور مال اور اولاد کی کثرت بارش کی طرح ہے جو کسانوں کی پیداوار کو خوب کرتی ہے۔ پھر وہ کھیتی خشک ہو جاتی ہے۔ پھر تم دیکھتے ہو کہ وہ پیلی پڑ جاتی ہے۔ پھر وہ ریزہ ریزہ، چورا چورا ہو جاتی ہے۔ اور آخرت میں شدید عذاب بھی ہے اور آخرت کی زندگی کو اہمیت دینے والے کے لئے اللہ کی مغفرت اور اللہ کی رضا مندی ہے۔ اور دنیاوی زندگی دھوکے کے سامان کے سوا کچھ نہیں۔(20) تم اپنے رب کی مغفرت اور جنت کی طرف دوڑو جس کا عرض آسمان و زمین کی وسعت جتنا ہے اور جو اللہ اور اُس کے رسول پر ایمان لانے والوں کے لئے تیار کی گئی ہے۔ یہ اللہ کا فضل ہے اور وہ جسے چاہتا ہے اپنا فضل عطا کرتا ہے۔ اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔(21)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM

مَآ اَصَابَ مِنْ مُّصِیْبَةٍ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِیْٓ اَنْفُسِکُمْ اِلَّا فِیْ کِتٰبٍ مِّنْ قَبْلِ اَنْ نَّبْرَاَهَا ط اِنَّ
ذٰلِکَ عَلَی اللّٰهِ یَسِیْرٌ(۲۲)لِّکَیْلَا تَاْسَوْا عَلٰی مَا فَاتَکُمْ وَلَا تَفْرَحُوْا بِمَآ اٰتٰکُمْ ط وَاللّٰهُ لَا
یُحِبُّ کُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرِ(۲۳)نِ الَّذِیْنَ یَبْخَلُوْنَ وَیَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبُخْلِ ط وَمَنْ یَّتَوَلَّ فَاِنَّ
اللّٰهَ هُوَ الْغَنِیُّ الْحَمِیْدُ(۲۴)لَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلَنَا بِالْبَیِّنٰتِ وَاَنْزَلْنَا مَعَهُمُ الْکِتٰبَ وَالْمِیْزَانَ
لِیَقُوْمَ النَّاسُ بِالْقِسْطِ وَاَنْزَلْنَا الْحَدِیْدَ فِیْهِ بَاْسٌ شَدِیْدٌ وَّمَنَافِعُ لِلنَّاسِ وَلِیَعْلَمَ اللّٰهُ مَنْ یَّنْصُرُهٗ
وَرُسُلَهٗ بِالْغَیْبِ ط اِنَّ اللّٰهَ قَوِیٌّ عَزِیْزٌ(۲۵)وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا وَّاِبْرٰهِیْمَ وَجَعَلْنَا فِیْ ذُرِّیَّتِهِمَا
النُّبُوَّةَ وَالْکِتٰبَ فَمِنْهُمْ مُّهْتَدٍ وَکَثِیْرٌ مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ(۲۶)ثُمَّ قَفَّیْنَا عَلٰٓی اٰثَارِهِمْ بِرُسُلِنَا وَقَفَّیْنَا
بِعِیْسَی ابْنِ مَرْیَمَ وَاٰتَیْنٰهُ الْاِنْجِیْلَ وَجَعَلْنَا فِیْ قُلُوْبِ الَّذِیْنَ اتَّبَعُوْهُ رَاْفَةً وَّ رَحْمَةً ط
وَرَهْبَانِیَّةَ نِ ابْتَدَعُوْهَا مَا کَتَبْنٰهَا عَلَیْهِمْ اِلَّا ابْتِغَآءَ رِضْوَانِ اللّٰهِ فَمَا رَعَوْهَا حَقَّ رِعَایَتِهَا
فَاٰتَیْنَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مِنْهُمْ اَجْرَهُمْ وَکَثِیْرٌ مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ(۲۷)یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ
وَاٰمِنُوْا بِرَسُوْلِهٖ یُؤْتِکُمْ کِفْلَیْنِ مِنْ رَّحْمَتِهٖ وَیَجْعَلْ لَّکُمْ نُوْرًا تَمْشُوْنَ بِهٖ وَیَغْفِرْلَکُمْ ط وَاللّٰهُ
غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ(۲۸)لِّئَلَّا یَعْلَمَ اَهْلُ الْکِتٰبِ اَلَّا یَقْدِرُوْنَ عَلٰی شَیْءٍ مِّنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَاَنَّ الْفَضْلَ
بِیَدِاللّٰهِ یُؤْتِیْهِ مَنْ یَّشَآءُ ط وَاللّٰهُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْمِ(۲۹)

زمین پر اور تمہاری جانوں پر کوئی مصیبت نہیں آتی مگر جس کا ذکر کتاب میں پہلے سے درج نہ ہو۔ یہ کہ ہم مرنے کے بعد زندہ کریں گے، اور سزا دیں گے۔ یہ زندہ کرنا اللہ کے لئے مشکل نہیں۔(22) تم غم نہ کرو اُس پر جو تم سے کھو گیا ہے۔ اور اُس پر خوش نہ ہو (فخر نہ کرو) جو تمہیں عطا کیا۔ اور اللہ کسی بھی شیخی خور اترانے والے کو پسند نہیں کرتا۔(23) کنجوس اور کنجوسی کرنے کی تعلیم دینے والا جان لے کہ اللہ اُس سے بے نیاز، تعریف کے لائق ہے۔ (اتنا کم خرچ نہ کریں کہ لوگ آپ کو بخیل کہیں)(24) تحقیق ہم نے اپنے رسولوں کو روشن آیات دے کر بھیجا اور اُن روشن آیتوں کے ساتھ کتاب اور میزان اتاری تاکہ لوگ انصاف پر کھڑے ہوں۔ اور لوہا نازل کیا جس کے ساتھ سخت جنگ ہوتی ہے۔ اور لوگوں کے لئے لڑائی کے علاوہ دوسرے فائدے بھی ہیں اور اِس لئے کہ اللہ جان لے کہ کون اللہ کو دیکھے بغیر اُس کی اور اُس کے رسولوں کی مدد کرتا ہے۔ بے شک اللہ قوت والا غالب آنے والا ہے۔(25) اور تحقیق ہم نے نوح اور ابراہیم (علیہ السلام) کو بھیجا اور اُن دونوں کی اولاد میں بھی نبوت اور کتاب کا سلسلہ جاری رکھا۔ اور اُن میں کم ہدایت یافتہ اور زیادہ نافرمان ہوے۔(26) پھر ہم رسولوں کے بعد عیسیٰ ابن مریم (علیہ السلام) کو لائے اور اُسے انجیل دی اور اُس کے حواریوں کے دلوں میں شفقت اور رحم اور رہبانیت (ترک دنیا) ڈال دی۔ جس کی رسم انہوں نے ڈالی ہم نے اُن پر رہبانیت فرض نہیں کی تھی۔ یہ روش انہوں نے اللہ کی خوشنودی تلاش کرنے کے لئے اختیار کی تھی۔ پس انہوں نے اِس کا بھی حق ادا نہ کیا۔ پس ہم نے اُن میں سے ایمان لانے والوں کو اُن کے اجر دیئے۔ اور اُن کی اکثریت نافرمان ہے۔(27) اے مومنو! اللہ سے ڈرو اور اُس کے رسول پر ایمان لاؤ۔ وہ اپنی رحمت سے تمہیں دوگنا دے گا۔ اور تمہارے لئے ایسا نور بنائے گا جس کی روشنی میں تم چلو گے اور وہ تمہیں بخش دے گا۔ اللہ بخشنہار، مہربان ہے۔(28) اہلِ کتاب جان لیں کہ اللہ کا فضل اُن کے بس میں نہیں۔ اللہ کا فضل اللہ کے ہاتھ میں ہے وہ جسے چاہتا ہے اپنے فضل سے نوازتا ہے۔ اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔(29) ☆☆

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM